https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk/

dailybalochistanobserver@gmail.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC Certified | کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیر الاشاعت روزنامہ

روزنامہ Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta کوئٹہ

بلوچستان آبزرور

چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | جمعہ 7 اگست 2026ء | 23 صفر 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 121

بلوچستان، سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں 12 دہشتگرد ہلاک

ملکی دفاع، سلامتی اور استحکام پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، سرفراز بگٹی

5 اور 6 اگست کو کارروائیاں ردالفتنہ 3 کے تحت جاری انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے سلسلے کا حصہ تھیں۔ 5 اگست کو بلوچستان کے ضلع واشک میں سیکیورٹی فورسز نے 6 دہشت گردوں کی نقل وحرکت کا سراغ لگایا

حکومت بلوچستان دہشت گردی کے خلاف جاری قومی کوششوں میں سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مکمل تعاون جاری رکھے گی۔ صوبے میں امن وامان کے قیام، شہریوں کے جان ومال کے تحفظ اور ترقیاتی عمل کے تسلسل کو ہر قیمت پر یقینی بنایا جائے گا' وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے دوران 12 دہشتگردوں کو ہلاک کردیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق 5 اور 6 اگست کو کارروائیاں ردالفتنہ 3 کے تحت جاری انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے سلسلے کا حصہ تھیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 5 اگست کو بلوچستان کے ضلع واشک میں سیکیورٹی فورسز نے 6 دہشت گردوں کی نقل وحرکت کا سراغ (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے واشک اور مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کو دہشت گردی کے خلاف جاری قومی مہم کی ایک اہم کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ریاست دشمن عناصر اور ان کے غیر ملکی سرپرست اپنے مذموم عزائم میں (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم محمد شہباز شریف سے پاکستان میں تعینات چین کے سفیر جیانگ زیڈونگ ملاقات کررہے ہیں

اسکالرز ڈیولپمنٹ وقت کی اہم ترین ضرورت بن چکی ہے، جعفر مندوخیل

شرح خواندگی میں 7% فیصد اضافہ اور سات لاکھ اڑسٹھ ہزار بچوں کو دوبارہ اسکولوں میں واپس لانا محکمہ تعلیم بلوچستان کی ایک قابلِ فخر کامیابی ہے

کوئٹہ شہر کے مضافات میں کچ روڈ کے قریب ایک ہزار بیڈز پر مشتمل جدید ہسپتال اور ایک ٹیکنیکل یونیورسٹی قائم کی جائے' گورنر بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ صوبے کی مجموعی شرح خواندگی میں 7% فیصد اضافہ اور سات لاکھ اڑسٹھ ہزار بچوں کو دوبارہ اسکولوں میں واپس لانا محکمہ تعلیم بلوچستان کی ایک قابلِ فخر کامیابی ہے۔ وزیراعظم پاکستان کے تعلیمی پروگرام کے تحت صوبے بھر میں دس دانش اسکولوں کے قیام سے تعلیمی انقلاب برپا ہو جائیگا جس سے بڑے پیمانے پر معیاری تعلیم کے فروغ اور نوجوان نسل کے روشن مستقبل (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

ٹرانسپورٹرز کے جائز مسائل مرحلہ وار حل کیے جائیں گے' سرفراز بگٹی

ٹرانسپورٹ کا شعبہ صوبے اور ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے' ٹرانسپورٹرز کے وفد سے بات چیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی کی قیادت میں ٹرانسپورٹرز اور آل پاکستان مزدا ٹرک گڈز ٹرانسپورٹ ایسوسی (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

حکومت نے تحریک انصاف کو دوبارہ مذاکرات کی دعوت دیدی

مذاکرات ہی سیاسی مسائل کا واحد حل، مذاکرات کے حوالے سے بال پی ٹی آئی کے کورٹ میں ہے، طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے پاکستان تحریک انصاف کو دوبارہ مذاکرات کی دعوت دے دی۔ جمعرات کو پی ٹی آئی رہنماء عامر ڈوگر کی سپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق سے ملاقات ہوئی جس میں وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری بھی شریک (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم شہباز شریف سعودی عرب پہنچ گئے

ریاض (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف سعودی عرب پہنچ گئے۔ وزیراعظم سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی دعوت پر سعودی عرب کا دورہ کررہے ہیں۔ اعلامیہ کے مطابق نائب گورنر مکہ شہزادہ سعود بن (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

فیلڈ مارشل سے صومالی وزیر دفاع کی زیر قیادت اعلیٰ سطح وفد کی ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

راولپنڈی (این این آئی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے صومالیہ کے وزیر دفاع کی قیادت میں اعلیٰ سطح کے وفد نے جی ایچ (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

آبنائے ہرمز پر پیشرفت سے ایران اور امریکہ مذاکرات کی راہ ہموار ہوگی' پاکستان

پاکستان خطے میں امن کیلئے برادر ممالک کے ساتھ مل کر سفارتی تعاون جاری رکھے گا، غزہ میں امن فوج سے متعلق کوئی باضابطہ تجویز سامنے آئی تو پاکستان جائزہ لے گا

پاکستان عالمی تجارتی بحری راستوں کے تحفظ اور سلامتی کی حمایت جاری رکھے گا، پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی تعاون بدستور جاری رہے گا' پاکستان بنگلادیش کے اندرونی سیاسی معاملات میں مداخلت نہیں کرتا، طاہر اندرابی کی بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز پر پیش رفت سے ایران اور امریکا کے درمیان مذاکرات کی راہ ہموار ہوگی، پاکستان خطے میں امن کیلئے برادر ممالک کے ساتھ مل کر سفارتی تعاون جاری رکھے گا، غزہ میں امن فوج سے متعلق کوئی باضابطہ تجویز سامنے آئی تو پاکستان جائزہ لے گا، پاکستان بنگلادیش کے اندرونی سیاسی معاملات میں مداخلت نہیں کرتا۔ ہفتہ وار پریس بریفنگ میں طاہر اندرابی نے کہا کہ پاکستان امید کرتا ہے کہ آبنائے ہرمز پر اتفاق رائے سے اسلام آباد مفاہمتی فریم ورک پر عمل آگے بڑھے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایران اور امریکا کے درمیان تکنیکی سطح کے مذاکرات کی بحالی کی حمایت کرتا ہے، پاکستان ایران اور امریکا کے درمیان سفارتی کوششوں میں فعال کردار ادا کرتا رہے گا۔ ترجمان دفترِ خارجہ نے کہا کہ پاکستان، قطر، عمان اور دیگر برادر ممالک خطے میں امن کیلئے مربوط (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

ملک میں نئے صوبوں کے قیام سے متعلق حکومتی سطح پر مشاورت کا عمل

وزارت پارلیمانی امور اور وزارت قانون نے آئینی وقانونی پہلوؤں جائزہ لینا شروع کردیا

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں نئے صوبوں کے قیام سے متعلق حکومتی سطح پر مشاورت کا عمل تیز ہوگیا، وزارت پارلیمانی امور اور وزارت قانون نے آئینی وقانونی پہلوؤں جائزہ لینا شروع کردیا۔ پارلیمانی ذرائع کے مطابق نئے صوبوں کے قیام کیلئے آئین کے آرٹیکل 239 پر عملدرآمد لازم قرار دیا گیا ہے، خیبر پختونخوا اور پنجاب اسمبلیوں کی پہلے سے منظور شدہ (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

اویس لغاری سے ایرانی سفیر کی ملاقات

توانائی تعاون بڑھانے پر اتفاق، گوادر کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی وتجارت کے فروغ پر زور

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور ایران نے توانائی اور تجارت کے فروغ پر اتفاق کیا ہے۔ جاری بیان کے مطابق جمعرات کو وفاقی وزیر برائے توانائی سردار اویس احمد خان لغاری سے پاکستان میں ایران کے سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم نے ملاقات کی، جس میں توانائی، تجارت، علاقائی روابط اور دوطرفہ تعاون کے فروغ سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وفاقی وزیر نے ایرانی وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور ایران کے (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

ایران اور پاکستان کا جلد از جلد آزاد تجارتی معاہدہ کو حتمی شکل دینے پر اتفاق

آزاد تجارتی معاہدہ صرف ایک اقتصادی پیش رفت نہیں بلکہ دونوں ممالک کے درمیان بڑھتے ہوئے اقتصادی تعاون کی علامت بھی سمجھا جا رہا ہے

معاہدے میں سرحدی منڈیوں، بارٹر ٹریڈ اور زرعی تجارت پر خصوصی توجہ دی گئی ہے جس سے دونوں ممالک کے درمیان تجارتی روابط مزید مستحکم ہونے کی توقع ہے

اسلام آباد+کوئٹہ (این این آئی) ایران اور پاکستان نے جلد از جلد آزاد تجارتی معاہدہ کو حتمی شکل دینے پر اتفاق کیا ہے یہ فیصلہ گزشتہ روز اسلام آباد میں ہونے والی دسویں پاک۔ایران مشترکہ تجارتی کمیٹی کے اجلاس میں کیا گیا جہاں دونوں ممالک نے باہمی تجارت کو 10 ارب ڈالر تک بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کے صدر حاجی محمد ایوب مریانی ودیگر نے پاک ایران فری ٹریڈ (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم سے چینی سفیر کی ملاقات، باہمی تعاون اور باہمی دلچسپی کے علاقائی امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے پاکستان میں تعینات چین کے سفیر جیانگ زیڈونگ نے وزیراعظم ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں چینی سفیر نے وزیراعظم کو چین کے صدر شی جن پنگ کا ایک خط پیش کیا جس میں کمیونسٹ پارٹی آف (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی کی قیادت میں ٹرانسپورٹرز وگڈز ایسوسی ایشن کا نمائندہ وفد ملاقات کررہا ہے

مقبوضہ بیت المقدس کی حیثیت تبدیل کرنے کی کوششیں ناقابل قبول ہیں' پاکستان

پاکستان سمیت 8 اسلامی ممالک کی غزہ میں اسپتالوں وطبی مراکز پر اسرائیلی حملوں کی مذمت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سمیت 8 اسلامی ممالک نے غزہ میں ہسپتالوں اور طبی مراکز پر اسرائیلی حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

آبنائے ہرمز پر ٹول ٹیکس کی مخالفت، عالمی شپنگ تنظیموں کا اقوام متحدہ سے فوری مداخلت کا مطالبہ

نیویارک/لندن (این این آئی) دنیا کی آٹھ بڑی بین الاقوامی شپنگ تنظیموں نے اقوام متحدہ سے مطالبہ کیا ہے کہ آبنائے ہرمز سے گزرنے والے تجارتی جہازوں پر (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

امریکا نے بجلی گھروں پر حملہ کیا تو تمام خلیجی ممالک کو اندھیرے میں ڈبو دیں گے، ایران

ایران نے ایسے اہم بجلی تنصیبات اور اہداف کی فہرست بھی پیش کی جنھیں جوابی حملے میں نشانہ بنایا جاسکتا ہے

ایران (این این آئی) ایران نے خبردار کیا ہے کہ اگر امریکا نے ہمارے بجلی گھروں کو نشانہ بنایا تو جواب میں ایک ایک خلیجی ملک کو اندھیرے میں ڈبو دیں گے۔ یہ بات عالمی خبر رساں ادارے اے ایف پی سے گفتگو میں خلیجی ممالک دو اہم عہدیداروں نے کی ہے تاہم حکومت ایران نے اس بارے میں باضابطہ طور پر کوئی بیان جاری نہیں کیا۔ ایک خلیجی عہدیدار نے بھی نام ظاہر نہ (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور ایران کے درمیان دوطرفہ تجارت ومعاشی تعاون کے فروغ کے معاہدے پر دستخط

اسلام آباد (این این آئی) ایف پی سی سی آئی اور ایرانی چیمبر آئی سی سی آئی ایم اے کے درمیان مفاہمتی معاہدے پر دستخط ہوگئے۔ اس حوالے سے صدر ایف پی سی سی (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

آزاد جموں وکشمیر میں حکومت کس کی ہوگی؟ انتخابات کا تیسرا اور اہم مرحلہ 10 اگست کو ہوگا

پونچھ ڈویژن میں 11 نشستوں پر ووٹنگ ہوگی، جس میں باغ اور حویلی میں 4، پونچھ اور سدھنوتی میں 7 حلقے شامل

مظفرآباد (این این آئی) آزاد جموں وکشمیر میں حکومت سازی کیلئے انتہائی اہم مرحلہ 10 اگست کو ہوگا جبکہ ابتدائی دو مرحلوں میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کو پاکستان پیپلز پارٹی پر واضح برتری حاصل ہے۔ آزاد جموں وکشمیر میں عام انتخابات کے تیسرے اور آخری (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل کو یقینی بنایا جائے گا' سلیم احمد کھوسہ

آئندہ بھی اپنی کارکردگی کو مزید بہتر بناتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل کو یقینی بنایا جائے گا' صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات

حب (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ کی خصوصی ہدایات سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان کی رہنمائی اور ایگزیکٹو انجینئر روڈز ضلع حب عبدالوہاب زہری کی زیرنگرانی مین دریجی روڈ مامو ہوٹل تا ساکران 2.50 کلومیٹر کی تعمیر کا کام کامیابی کے ساتھ ریکارڈ مدت میں مکمل کر لیا گیا ہیمد کورہ سڑک کی بروقت تکمیل محکمہ مواصلات وتعمیرات کی مؤثر منصوبہ بندی بہترین انتظامی صلاحیت اور اعلیٰ (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

سکیورٹی خطرات سے نمٹنے کیلئے مشترکہ تعاون ناگزیر ہے، سعودی وزارت دفاع

ریاض (این این آئی) سعودی وزارت دفاع کے ترجمان میجر جنرل ترکی المالکی نے کہا ہے کہ خطے اور دنیا کو نئے سیکورٹی خطرات کا سامنا ہے، جن سے موثر انداز میں نمٹنے (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

خیبر پختونخوا میں تیز بارش اور فلش فلڈ کے باعث مزید 9 افراد جاں بحق

اب تک 103 مکانات کو نقصان پہنچا، 39 مکمل تباہ ہوگئے، پی ڈی ایم اے

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں تیز بارش اور فلش فلڈ کے باعث (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

کراچی، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سے بزنس کمیونٹی کے ارکان ملاقات کررہے ہیں

بلوچستان کا طویل ساحلی خطہ بلیو اکانومی کے فروغ کیلئے غیر معمولی استعداد رکھتا ہے' بلال کاکڑ

سرکاری اور نجی شعبے کے باہمی تعاون سے آبی زراعت اور سمندری وسائل کی پائیدار ترقی کو یقینی بنا کر نہ صرف روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں

بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین سے میں کراچی کی کاروباری برادری کے نمائندوں سے ملاقات

کراچی (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ (BBOIT) کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) میں کراچی کی کاروباری برادری کے نمائندوں سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران بلیو اکانومی، سمندری وسائل، بحری حیات اور آبی زراعت کے فروغ سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر بالخصوص بلوچستان کے ساحلی علاقوں (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

17 انکاتی ایجنڈا پائیدار امن اور دیرینہ مسائل کے حل کی کنجی ہے' حمت بلوچ

نیشنل پارٹی اقتدار میں نہیں، لیکن اپنی مستقل، واضح اور عوام دوست سیاست کی بدولت عوام کے دلوں میں مضبوط مقام بنا چکی ہے

موجودہ غیر یقینی حالات کے باعث نوجوانوں میں جمہوری اور پارلیمانی سیاست سے بددلی پیدا ہورہی ہے' رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے پنجگور سے تعلق رکھنے والی مختلف سیاسی جماعتوں کی ممتاز شخصیات اور سینکڑوں کارکنوں کی نیشنل پارٹی میں شمولیت کا بھرپور خیر مقدم کرتے ہوئے اسے بلوچستان کی سیاست میں ایک اہم اور خوش آئند پیش رفت قرار دیا انہوں نے آغا شاہ حسین، سعید اللہ، عبداللجید، شیر احمد رند، داد محمد، عبدالوحید (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

چیف سیکرٹری بلوچستان کی زیر صدارت صوبائی سلیکشن بورڈ کا اجلاس

اجلاس میں محکمے کے آفیسرز کو مختلف گریڈ میں ترقی کی سفارش کی گئی

کوئٹہ (این این آئی) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت جمعرات کے روز صوبائی سلیکشن بورڈ کا اجلاس منعقد ہوا جس میں محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

براڈ پیک حادثہ، 8 لاشیں مل گئیں، ایک تک رسائی مشکل، 2 کی تلاش جاری

پہلے دن دو افراد کی لاشیں نکالی گئیں اور تیسرے کے کچھ جسمانی اعضا برآمد ہوئے، صدر الپائن کلب

اسلام آباد (این این آئی) صدر الپائن کلب نے کہا ہے کہ براڈ پیک (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

راولپنڈی، چیف آف آرمی اسٹاف وچیف آف ڈیفنس فورسز فیڈ مارشل سید عاصم منیر احمد سے صولیہ کے وزیر دفاع، سفیر احمد معلم فقی ملاقات کررہے ہیں

کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز' 12 دہشت گرد ہلاک ہوگئے، بابر یوسفزئی

حکومت بلوچستان ریاست دشمن عناصر کے مکمل خاتمے کیلئے سیکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے' معاون محکمہ داخلہ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے علاقے واشک اور مستونگ میں سیکورٹی فورسز کے کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے دوران فتنہ الہندوستان کے 12 دہشت گرد ہلاک (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

پاکستان سمیت 8 اسلامی ممالک کی غزہ میں اسپتالوں وطبی مراکز پر اسرائیلی حملوں کی مذمت

اسرائیلی حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

احتجاج روکا گیا تو یہ حکومت گرا و تحریک میں بدل جائیگا' حافظ نعیم الرحمٰن

510 مقامات پر پرامن دھرنے، سڑکیں بند کریں گے، امیر جماعت اسلامی کا خطاب

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ عوام پر مزید ظلم برداشت نہیں، پٹرول 225 روپے لٹر کیا جائے، جمعہ (کل) کو ملک کے 510 مقامات پر پرامن دھرنے ہوں گے، سڑکیں بند کریں گے، صرف ایمبولینس کو راستہ ملے گا، رکاوٹیں کھڑی کی گئیں تو لیوی کے خلاف احتجاج حکومت گرا و تحریک میں بدل دیا جائے گا۔ ان (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

بلوچستان پولیس نے عوام کے جان ومال کے تحفظ کو ہمیشہ اولین ترجیح دی' ضیاء لانگو

حکومت پولیس ودیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں اور عوام کے باہمی تعاون سے بلوچستان کو امن ترقی اور خوشحالی کا گہوارہ بنایا جائے گا

افسران اور جوانوں نے صوبے میں امن وامان کے قیام کیلئے لازوال قربانیاں دی ہیں اور ان خدمات ہمیشہ سنہری حروف میں یاد رکھی جائیں گی' وزیر داخلہ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ بلوچستان پولیس کے افسران اور جوانوں نے صوبے میں امن وامان کے قیام کیلئے لازوال قربانیاں دی ہیں اور ان خدمات ہمیشہ سنہری حروف میں یاد رکھی جائیں گی۔ یوم شہداء پولیس کی تقریب سے بحیثیت مہمانِ خصوصی خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلوچستان ایک حساس صوبہ ہے جہاں دہشت گردی سمیت مختلف سیکیورٹی چیلنجز کا سامنا ہے (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

بلوچستان پولیس کٹھن حالات میں کام کررہی ہے' محمد طاہر

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں بلوچستان پولیس کے کئی بہادر افسران اور جوان شہید ہوئے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا کہ ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہئے کہ صوبے میں امن واستحکام اور پائیدار امن کے قیام کیلئے اب تک 1195 پولیس آفیسران اور جوانوں نے جام شہادت نوش کیا ہے ان گمنام ہیروز نے اپنا خون دیکر ہمیں جینے کا حق دیا موت تو برحق ہے۔ مگر ہمارا عزم ہے کہ بیگناہ لوگوں کے دشمنوں اور ان کیجرائم کو بھی (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کی صدارت میں (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

بلوچستان بھر میں بڑی شاہراہوں پر ہر قسم کا پہیہ جام ہوگا' مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

تجارت سے وابستہ ہزاروں خاندان بارڈرز کی بندش کے باعث شدید معاشی مشکلات کا شکار ہیں

بدامنی اور بدعنوانی نے بلوچستان کے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے' امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ آج 7 اگست جمعہ پٹرولیم مصنوعات پر بھتہ خوری، شاہراہوں پر لوٹ مار، بدامنی، بدعنوانی، بارڈرز کی بندش اور لاپتہ افراد کی عدم بازیابی کے خلاف ملک گیر احتجاج کے سلسلے میں بلوچستان بھر میں بھی بڑی شاہراہوں پر ہر قسم کا پہیہ جام ہوگا۔ کوئٹہ میں تین مقامات بلیلی کے قریب، میاں غنڈی، تیرہ میل شاہراہ بند کیے جائیں گے۔ ٹرانسپورٹرز، ٹرک، بس، مزدا اور دیگر ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشنز، تاجر برادری اور مختلف عوامی حلقوں نے ہڑتال کی بھرپور حمایت (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم 6 سے 8 اگست تک سعودی عرب کا سرکاری دورہ کریں گے، دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف 6 سے 8 اگست تک سعودی عرب کا سرکاری دورہ کریں گے۔ (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو سینٹرل پولیس آفس کوئٹہ میں منعقدہ یوم شہداء کی تقریب کے موقع پر شہداء کے لواحقین کو تحائف دے رہے ہیں

بغیر ٹریٹمنٹ سیوریج کا سمندر میں اخراج بڑا ماحولیاتی خطرہ ہے، جنید انوار چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انوار چوہدری اور گورنر سندھ نہال ہاشمی نے سمندری آلودگی کے (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں اور قربانیاں پوری قوم کیلئے باعث فخر ہیں' شاہد رند

حکومت بلوچستان دہشت گردی کے خلاف قومی جنگ میں سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مکمل یکجہتی کے ساتھ کھڑی ہے

6 اگست کو ضلع مستونگ میں ایک اور انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران سیکیورٹی فورسز نے شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد مزید چھ دہشت گردوں کو ہلاک کیا

کوئٹہ (خ ن) معاونِ وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے واشک اور مستونگ میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خاتمے کیلئے فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں اور قربانیاں پوری قوم کیلئے باعثِ فخر ہیں شاہد رند نے کہا کہ 5 اور 6 اگست 2026 کو بلوچستان کے اضلاع واشک اور مستونگ میں "ردالفتنہ -"3 کے تحت (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

پیپلز پارٹی نے آزاد کشمیر انتخابات میں دھاندلی کا الزام عائد کردیا

آزاد کشمیر الیکشن میں رانا ثنا اللہ کے بیان، الیکشن کمیشن کے فیصلوں نے دھاندلی کی بنیاد رکھی، نیئر بخاری

اسلام آباد (این این آئی) پیپلز پارٹی نے آزاد کشمیر انتخابات میں دھاندلی کا الزام عائد اور متنازع حلقوں میں دوبارہ انتخابات کرانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ آزاد کشمیر الیکشن میں رانا ثنا اللہ کے بیان اور الیکشن کمیشن کے فیصلوں نے دھاندلی کی بنیاد رکھی، چیف الیکشن کمشنر کا کام حکومت بنانا نہیں، صرف شفاف انتخابات کرانا ہے، مرحلہ وار پولنگ شفاف انتخابات کے اصولوں کے منافی ہے، وجوہات عوام کے سامنے لائی جائے، عوامی مینڈیٹ کے تحفظ (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزراء میر شعیب نوشیروانی، میر ظہور احمد ظہور بلیدی محترمہ راحیلہ حمید دورانی بخت محمد کاکڑ علی مدد جتک سینٹرل پولیس آفس کوئٹہ میں منعقدہ یوم شہداء کی تقریب کے موقع پر شہداء کے لواحقین کو تحائف دے رہے ہیں

پلاننگ کمیشن نے 12.437 ارب روپے کے چار منصوبوں کی منظوری دیدی

240 عشاریہ 537 ارب روپے کے تین منصوبوں کو حتمی منظوری کیلئے ایگزیکٹو کمیٹی آف دی نیشنل اکنامک کونسل کو بھجوا دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پلاننگ کمیشن نے 12.437 ارب روپے کے چار منصوبوں کی منظوری دیدی۔ وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات اور ڈپٹی چیئرمین پلاننگ کمیشن پروفیسر احسن اقبال کی زیر صدارت سنٹرل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی (سی ڈی ڈبلیو پی) کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں قومی معیشت کے اہم شعبوں کی ترقی اور حکومت کے اصلاحاتی ایجنڈے کو تیز رفتار بنانے کیلئے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں مجموعی طور پر سات ترقیاتی منصوبوں پر غور کیا گیا۔

روزنامہ Daily BALOCHISTAN Observer Quetta

بلوچستان آبزرور کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

نجکاری کے عمل میں صارفین کے مفاد کو ترجیح دی جائے

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ہدایت کی ہے کہ نجکاری کے مراحل میں بہترین پیشہ ورانہ استعداد کے حامل کنسلٹنٹ کی تجاویز کو یقینی بنایا جائے ،بجلی کی ترسیلی کمپنیز کی نجکاری میں عالمی معیار کے سرمایہ کاروں کی شمولیت یقینی بنانے کیلئے موثر اور جامع حکمت عملی اختیار کی جائے ،نجکاری کے عمل میں سرمایہ کاروں کی شمولیت کیلئے اندرون و بیرون ملک کیے جانے والے کامیاب روڈ شوز باعث اطمینان ہیں، ڈسکوز کی نجکاری کے تمام مراحل مقررہ مدت میں طے شدہ قواعد اور بہترین حکمت عملی کے مطابق منافع بخش انداز میں مکمل کیے جائیں۔ نجکاری کمیشن کی ادارہ جاتی تنظیم نو کے تناظر میں بہترین افرادی قوت کی شمولیت پر پیش رفت پر بھی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں نجکاری کمیشن کی جانب سے ترسیلی کمپنیز کے پہلے مرحلے کی تکمیل کیلئے اب تک کیے گئے اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ نجکاری کمیشن کی ادارہ جاتی تنظیم نو کے تناظر میں بہترین افرادی قوت کی شمولیت پر پیش رفت پر بھی بریفنگ دی گئی۔ بجلی کی ترسیلی کمپنیز کی نجکاری میں عالمی معیار کے سرمایہ کاروں کی شمولیت یقینی بنانے کیلئے موثر اور جامع حکمت عملی اختیار کی جائے۔ نجکاری کمیشن میں جاری ادارا جاتی اصلاحات اور تنظیم نو کا کام ایک ماہ میں مکمل کیا جائے۔ نجکاری کے عمل میں سرمایہ کاروں کی شمولیت کیلئے اندرون و بیرون ملک کیے جانے والے کامیاب روڈ شوز باعث اطمینان ہیں۔ ڈسکوز کی نجکاری کے تمام مراحل مقررہ مدت میں طے شدہ قواعد اور بہترین حکمت عملی کے مطابق منافع بخش انداز میں مکمل کیے جائیں۔ نجکاری کمیشن کی افرادی قوت میں عالمی معیار کے مالیاتی، قانونی اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ماہرین شامل کیے جائیں۔ عالمی معیار کی افرادی قوت اور ماہرین نجکاری کمیشن کی استعداد کار اور اداروں میں سرمایہ کاری بڑھانے کیلئے موثر اقدامات کو یقینی بنائے گی۔ نجکاری کے مراحل میں بہترین پیشہ ورانہ استعداد کے حامل کنسلٹنٹ کی تجاویز کو یقینی بنایا جائے۔ نجکاری کے مراحل کی سہولت کیلئے درکار تمام قانونی انتظامات اور مالیاتی ریگولیشن فریم ورک کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔ نجکاری کے عمل میں صارفین کے مفاد کو ترجیح دی جائے۔ نجکاری میں شامل اداروں میں مستقبل میں صارفین کی شکایت کے ازالے کا جامع اور موثر انتظامی ڈھانچہ یقینی بنایا جائے۔ نجکاری کے پہلے مرحلے میں شامل ترسیلی کمپنیز آئیسکو، گیپو، فیسکو میں سرمایہ کاروں کی دلچسپی کیلئے اندرون و بیرون ملک روڈ شوز مکمل کر لیے گئے ہیں۔ ترکیہ، سعودی عرب اور چائنہ میں روڈ شوز اور سرمایہ کاروں سے نجکاری کے تناظر میں روابط کے حوصلہ افزا نتائج سامنے آرہے ہیں

جذبات اور عقل: فیصلوں کے دوراستے

انسانی زندگی نہایت خوبصورت ہے۔ ہر دن، ہر مرحلے اور ہر عمر میں انسان کو چھوٹے بڑے فیصلوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ خواہ تعلیم کا انتخاب ہو، روزگار، کاروبار، شادی، دوستی، مالی معاملات یا سماجی تعلقات سے متعلق فیصلے، ان کے اثرات صرف ایک لمحے تک محدود نہیں رہتے بلکہ کئی برسوں تک انسان کی زندگی پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ اس لیے درست فیصلہ کرنا ہر انسان کی اہم ذمہ داری ہے۔ بدقسمتی سے بہت سے لوگ جذبات کے زیرِ اثر ایسے فیصلے کر بیٹھتے ہیں جن پر بعد میں انہیں پچھتاوا ہوتا ہے۔ غصہ، خوف، خوشی، مایوسی، انتقام یا حد سے زیادہ جذباتی وابستگی اکثر انسان کی سوچ کو غیر متوازن بنا دیتی ہے، جبکہ عقل، تدبر اور حقیقت پسندی کی بنیاد پر کیے گئے فیصلے انسان کو زیادہ محفوظ، متوازن اور کامیاب زندگی کی طرف لے جاتے ہیں۔

جذبات انسانی فطرت کا ایک اہم حصہ ہیں۔ محبت، ہمدردی، خوشی، غم، غصہ اور خوف جیسے احساسات زندگی کو معنی دیتے ہیں، لیکن جب یہی جذبات عقل پر غالب آ جائیں تو فیصلے متاثر ہونے لگتے ہیں۔ غصے کی حالت میں انسان ایسے الفاظ کہہ سکتا ہے یا ایسے اقدامات کر سکتا ہے جو برسوں پر محیط تعلقات کو ختم کر دیں۔ اسی طرح حد سے زیادہ خوشی میں کیے گئے مالی فیصلے نقصان کا باعث بن سکتے ہیں، جبکہ خوف کی کیفیت میں بہت سے لوگ اچھے مواقع بھی گنوا دیتے ہیں۔ بعض افراد وقتی جذبات کے زیرِ اثر ملازمت چھوڑ دیتے ہیں، دوستی ختم کر دیتے ہیں، کاروبار میں بڑی سرمایہ کاری کر بیٹھتے ہیں یا اہم تعلقات کے بارے میں جلد بازی میں فیصلے کر لیتے ہیں، جن پر بعد میں انہیں پچھتانا پڑتا ہے۔ جذباتی کیفیت عارضی ہوتی ہے، لیکن اس دوران کیے گئے غلط فیصلوں کے اثرات بھی بھی

برسوں تک باقی رہتے ہیں۔ اسی لیے دانشمند لوگ اہم معاملات میں خود کو کچھ وقت دیتے ہیں، حالات کا غیر جانبدارانہ جائزہ لیتے ہیں اور پھر فیصلہ کرتے ہیں۔ اس لیے جذبات کو دبانا نہیں، بلکہ انہیں قابو میں رکھ کر عقل کی رہنمائی میں فیصلے کرنا ہی دانشمندی ہے۔

ماہرینِ نفسیات کے مطابق انسانی دماغ میں جذبات اور منطق کے الگ الگ نظام کام کرتے ہیں۔ جب انسان شدید جذباتی کیفیت میں ہوتا ہے تو وہ اکثر جلد بازی میں فیصلے کرتا ہے اور نتائج پر پوری طرح غور نہیں کر پاتا۔ اس کے برعکس، جب وہ کچھ وقت لے کر حالات کا جائزہ لیتا ہے، مختلف امکانات پر غور کرتا ہے اور حقائق کی بنیاد پر فیصلہ کرتا ہے تو غلطی کے امکانات کم ہو جاتے ہیں۔ تحقیقات سے معلوم ہوتا ہے کہ جذباتی دباؤ کے دوران انسان اکثر قلیل مدتی فائدے کو ترجیح دیتا ہے اور طویل مدتی نتائج کو نظر انداز کر دیتا ہے۔ ایسی صورتِ حال میں کچھ دیر رک جانا، گہرائی سے سوچنا اور کسی تجربہ کار شخص سے مشورہ کرنا فیصلے کو زیادہ متوازن بنا سکتا ہے۔ فیصلہ کرنے سے پہلے خود سے یہ سوال کرنا کہ "اس قدم کے ایک سال بعد کیا نتائج ہوں گے؟" انسان کو بہتر انداز میں سوچنے پر آمادہ کرتا ہے۔ اسی طرح اہم فیصلہ کرنے سے پہلے خود کو کچھ وقت دینا، جذبات کو پُرسکون ہونے کا موقع دینا اور پھر نتیجہ اخذ کرنا ایک دانشمندانہ طریقہ ہے، جو انسان کو بہت سی غلطیوں سے بچا سکتا ہے۔

رسول اللہؐ نے بھی غصے کی حالت میں اپنے آپ پر قابو رکھنے کی تلقین فرمائی ہے۔ آپؐ نے فرمایا: "طاقتور وہ نہیں جو کشتی میں دوسرے کو پچھاڑ دے، بلکہ طاقتور وہ ہے جو غصے کے وقت اپنے نفس پر قابو رکھے۔" (صحیح بخاری: 6114، صحیح مسلم: 2609)۔ یہ حدیث ہمیں بتاتی ہے کہ حقیقی طاقت جسمانی قوت میں نہیں بلکہ اپنے نفس اور جذبات کو قابو میں رکھنے میں ہے۔ غصے کی حالت میں انسان اکثر ایسے الفاظ کہہ دیتا ہے یا ایسے فیصلے کر بیٹھتا ہے جو بعد میں پشیمانی، تنازعات اور تعلقات میں دراڑ کا سبب بنتے ہیں۔ اسلام مسلمان کو یہ تعلیم دیتا ہے کہ ایسے مواقع پر صبر، خاموشی، برداشت اور حکمت سے کام لیا جائے تاکہ جذبات عقل پر غالب نہ آئیں۔ جو شخص اپنے غصے، خوف یا دیگر جذبات کو قابو میں رکھ کر حالات کا درست جائزہ لیتا ہے اور اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرتے ہوئے سوچ سمجھ کر فیصلہ کرتا ہے، وہ نہ صرف زیادہ منصفانہ فیصلے کرتا ہے بلکہ اپنی ذات، خاندان اور معاشرے کے لیے بھی امن، اعتماد اور بھلائی کا ذریعہ بنتا ہے۔

مالی معاملات میں بھی جذباتی فیصلے اکثر نقصان دہ ثابت ہوتے ہیں۔ بہت سے لوگ دوسروں کو دیکھ کر بغیر تحقیق سرمایہ کاری کر دیتے ہیں، دوستوں کے کہنے پر کاروبار شروع کر دیتے ہیں یا وقتی جوش میں آ کر بڑے اخراجات کر بیٹھتے ہیں۔ کبھی لالچ، خوف یا افواہوں کی بنیاد پر بھی ایسے مالی فیصلے کیے جاتے ہیں جو بعد میں بھاری نقصان کا باعث بنتے ہیں۔ بہت سے افراد جلد امیر بننے کی خواہش میں بغیر تحقیق کے مختلف منصوبوں پر اعتماد کر کے اپنی جمع پونجی گنوا دیتے ہیں۔ اسی طرح مالی دباؤ یا جذباتی پریشانی کے دوران کیے گئے فیصلے بھی اکثر طویل مدت میں نقصان دہ ثابت ہوتے ہیں۔ کامیاب تاجر اور سرمایہ کار ہر فیصلے سے پہلے معلومات حاصل کرتے ہیں، خطرات کا جائزہ لیتے ہیں، ماہرین سے مشورہ کرتے ہیں اور طویل مدتی نتائج پر غور کرتے ہیں۔ وہ وقتی جذبات کے بجائے حقائق، اعداد و شمار اور واضح منصوبہ بندی کو اہمیت دیتے ہیں۔ یہی محتاط اور دانشمندانہ طرزِ عمل انہیں غیر ضروری نقصانات سے بچاتا ہے اور پائیدار کامیابی کے حصول میں مدد دیتا ہے۔

خاندانی اور سماجی زندگی میں بھی عقل و دانش کے ساتھ فیصلے کرنا بے حد ضروری ہے۔ غصے میں دیا گیا جواب، غلط فہمی کی بنیاد پر تعلق ختم کر دینا یا کسی کی بات سنے بغیر اس کے بارے میں رائے قائم کر لینا اکثر پشیمانی کا سبب بنتا ہے۔ اگر اختلاف کی صورت میں انسان کچھ صبر کرے، دوسرے فریق کی بات توجہ سے سنے اور جذبات کے بجائے انصاف اور عقل سے مسئلہ حل کرے تو بہت سے تنازعات پیدا ہونے سے پہلے ہی ختم ہو سکتے ہیں۔ بہت سے خاندانی اختلافات صرف اس لیے بڑھ جاتے ہیں کہ فریقین ایک دوسرے کو سمجھنے کے بجائے فوری ردِعمل دیتے ہیں۔ برداشت، نرم لہجہ، کھلی گفتگو اور باہمی احترام نہ صرف غلط فہمیوں کو ختم کرتے ہیں بلکہ تعلقات کو بھی مضبوط بناتے ہیں۔ دانشمند لوگ ہر بات کا جواب غصے سے نہیں بلکہ صبر، تدبر اور حکمت سے دیتے ہیں، کیونکہ مضبوط تعلقات جذباتی ردِعمل سے نہیں بلکہ عقلمندی، برداشت اور باہمی اعتماد سے قائم رہتے ہیں۔

قیادت اور حکمرانی میں بھی جذبات کے بجائے عقل سے فیصلے کرنا انتہائی ضروری ہے۔ کسی بھی ملک، ادارے یا تنظیم کی ترقی کا انحصار اس بات پر ہوتا ہے کہ اس کی قیادت فیصلے کس بنیاد پر کرتی ہے۔ اگر حکمران، منتظم یا رہنما ذاتی پسند، غصے، سیاسی دباؤ یا وقتی جذبات کے زیرِ اثر فیصلے کریں تو ان کے منفی اثرات صرف ایک فرد تک محدود نہیں رہتے بلکہ لاکھوں لوگوں کی زندگیوں پر پڑتے ہیں۔ اس کے برعکس، جب فیصلے قانون، حقائق، ماہرین کی رائے، قومی مفاد اور طویل مدتی منصوبہ بندی کو سامنے رکھ کر کیے جاتے ہیں تو ادارے مضبوط ہوتے ہیں، عوام کا اعتماد بڑھتا ہے اور ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہوتا ہے۔

یہ کہا جا سکتا ہے کہ جذبات زندگی کا حسن ضرور ہیں، لیکن انہیں فیصلوں کی بنیاد نہیں بنانا چاہیے۔ جب انسان عقل، علم، تجربے، مشورے اور حقائق کی روشنی میں فیصلے کرتا ہے تو کامیابی کے امکانات بڑھ جاتے ہیں اور پشیمانی کے مواقع کم ہو جاتے ہیں۔ زندگی میں کوئی بھی اہم قدم اٹھانے سے پہلے کچھ دیر سوچنا، حقائق کا جائزہ لینا اور اپنے جذبات پر قابو رکھنا ہی دانشمندی ہے۔ یاد رکھنا چاہیے کہ ایک درست فیصلہ زندگی کا رخ بدل سکتا ہے، اور صحیح فیصلے ہمیشہ جذبات کی رو میں بہہ کر نہیں بلکہ عقل، تدبر اور حکمت کی روشنی میں کیے جاتے ہیں۔ جو انسان اپنے جذبات کا غلام بننے کے بجائے ان پر قابو پانا سیکھ لیتا ہے، وہ مشکل حالات میں بھی درست راستہ اختیار کر سکتا ہے۔

ایسی سوچ نہ صرف ذاتی زندگی بلکہ خاندان، معاشرے اور پیشہ ورانہ میدان میں بھی اعتماد، استحکام اور کامیابی کا سبب بنتی ہے۔ حقیقت یہی ہے کہ جذبات پر قابو اور عقل سے کیے گئے فیصلے ہی ایک باوقار، متوازن اور کامیاب زندگی کی مضبوط بنیاد ہیں۔

پاکستان میں مزدور یونین تحریک: تاریخی پس منظر سے عصرِ حاضر کے چیلنجز تک

مزدور یونین، جسے ٹریڈ یونین، ایمپلائی یونین یا محض یونین بھی کہا جاتا ہے، ایک ایسی تنظیم ہے جو کارکن اپنے مشترکہ مفادات اور کام کی جگہ پر اپنے حقوق کے تحفظ اور فروغ کے لیے قائم کرتے ہیں۔ امریکی محکمہ محنت (U.S. Labor of Department) کے مطابق، "لیبر یونین دو یا دو سے زیادہ ملازمین پر مشتمل ایک ایسی تنظیم ہے جو اجرت، مراعات، اوقاتِ کار، ڈیوٹی شیڈول اور ملازمت سے متعلق شرائط و ضوابط جیسے مشترکہ مفادات کے حصول کے لیے متحد ہوتی ہے۔" اجتماعی طور پر متحد ہونے یا اجتماعی اقدام کے ذریعے یونین سے وابستہ کارکن ایک مضبوط اجتماعی آواز حاصل کرتے ہیں، جو انہیں اپنے آجروں کے ساتھ اپنے مسائل، مطالبات اور حقوق کے حوالے سے مؤثر انداز میں مذاکرات کرنے کی قوت فراہم کرتی ہے۔ بہتر اجرت، صحت کی سہولیات، سالانہ تعطیلات، تنخواہ کے ساتھ بیماری کی رخصت، ریٹائرمنٹ کے فوائد اور دیگر فلاحی مراعات ان اہم کامیابیوں میں شامل ہیں جو کارکن اپنی یونینوں کے ذریعے حاصل کرتے ہیں۔ ٹریڈ یونینیں ارکان پر مشتمل جمہوری تنظیمیں ہوتی ہیں، جنہیں ایسے قوانین کے تحت چلایا جاتا ہے جو مالی شفافیت، دیانت داری، منصفانہ انتخابات، جمہوری اقدار اور تمام کارکنوں کی مساوی نمائندگی کو یقینی بناتے ہیں۔

پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن کے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر شائع ہونے والے ایک مضمون بعنوان "Trade Union History of Pakistan" کے مطابق، قائداعظم محمد علی جناحؒ کی شخصیت کا ایک نسبتاً کم معروف پہلو یہ بھی ہے کہ وہ مزدوروں کے حقوق کے حامی اور ایک مؤثر مزدور رہنما تھے۔ 1925ء میں وہ آل انڈیا پوسٹل اسٹاف یونین کے صدر منتخب ہوئے، جس کی رکنیت تقریباً ستر ہزار (70,000) افراد پر مشتمل تھی۔ برطانوی ہندوستان کی قانون ساز اسمبلی کے رکن کی حیثیت سے، جہاں انہوں نے پینتیس برس سے زائد عرصہ خدمات انجام دیں، انہوں نے ٹریڈ یونین ایکٹ 1926ء کی منظوری میں اہم کردار ادا کیا، جس کے ذریعے مزدور یونینوں کے قیام کو قانونی تحفظ فراہم کیا گیا۔ قائداعظمؒ

تحریر: ساروان ناصر

نے اکتوبر 1920ء میں آل انڈیا ٹریڈ یونین کانگریس کے بانی اجلاس میں بھی شرکت کی۔ اس دور کے ممتاز مزدور رہنماؤں، جن میں لالا لاجپت رائے، دیوان چمن لال، ایم۔ ایم۔ علوی اور سبھاش چندر بوس شامل تھے، کے ساتھ ان کے قریبی تعلقات تھے۔ پاکستان میں ٹریڈ یونین تحریک کی بنیادیں اسی قبل از تقسیم دور میں استوار ہوئیں۔ برصغیر میں ریلوے کے نظام، زرعی تجارتی (Plantation) اور دیگر صنعتی سرگرمیوں کے فروغ کے نتیجے میں ایک باقاعدہ مزدور طبقہ وجود میں آیا، جس نے بعد ازاں ٹریڈ یونین تحریک کی شکل اختیار کی۔

بین الاقوامی سطح پر ٹریڈ یونینوں اور مزدوروں کے حقوق کے تحفظ سے متعلق بنیادی قوانین اور معیارات بین الاقوامی مزدور تنظیم (International Labour Organization-ILO) کے ذریعے وضع کیے جاتے ہیں، جو اقوام متحدہ کا ایک خصوصی ادارہ ہے۔ عالمی سطح پر مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کی قانونی بنیادوں میں آزادی تنظیم (Freedom of Association)، تنظیم سازی کا حق (Organize to Right) اور اجتماعی سودے بازی (Collective Bargaining) شامل ہیں۔

آئی ایل او کنونشن نمبر 87، کارکنوں اور آجروں کو یہ بنیادی حق فراہم کرتا ہے کہ وہ سرکاری اداروں سے پیشگی اجازت لیے بغیر اپنی مرضی کی تنظیمیں قائم کریں یا ان کی رکنیت اختیار کریں۔ اسی طرح آئی ایل او کنونشن نمبر 98 کارکنوں کو یونین مخالف امتیازی سلوک سے تحفظ فراہم کرتا ہے اور آجروں اور کارکنوں کی تنظیموں کے درمیان روزگار سے متعلق شرائط و ضوابط پر رضاکارانہ اجتماعی مذاکرات کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ اسی طرح عالمی منشورِ حقوقِ انسانی (Universal Declaration of Human Rights - UDHR) کے آرٹیکل 23 کی شق 4 یہ ضمانت دیتی ہے کہ ہر شخص کو اپنے مفادات کے تحفظ کے لیے ٹریڈ یونین قائم کرنے اور اس کی رکنیت اختیار کرنے کا حق حاصل ہے۔

تحقیق کے مطابق، پاکستان میں ٹریڈ یونینوں کا نظام صنعتی تعلقات کے قوانین کے تحت منظم کیا گیا ہے۔ پاکستان نے آئی ایل او کنونشن نمبر 87 اور کنونشن نمبر 98 کی توثیق بھی کر رکھی ہے، جس کے نتیجے میں ملک پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ آزادی تنظیم اور اجتماعی سودے بازی کے بنیادی اصولوں کا احترام اور ان پر عمل درآمد یقینی بنائے۔ آئینِ پاکستان کے مطابق، مزدور وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ وفاقی انڈسٹریل ریلیشنز ایکٹ، 2012ء 14 مارچ 2012ء کو صدرِ پاکستان کی منظوری سے نافذ کیا گیا، جس کا مقصد ملک میں صنعتی تعلقات کو قانونی بنیاد فراہم کرنا اور مزدوروں و آجروں کے درمیان متوازن تعلقات کو فروغ دینا تھا۔ نیشنل انڈسٹریل ریلیشنز کمیشن کا قیام اگرچہ لیبر پالیسی 1972ء کے تحت عمل میں آیا، تاہم بعد ازاں اسے مختلف صنعتی تعلقات کے قوانین کے ذریعے مزید مؤثر قانونی حیثیت دی گئی۔ یہ ایک نیم عدالتی (Quasi-Judicial) ادارہ ہے، جس کا مقصد حقیقی ٹریڈ یونین ازم کو فروغ دینا، صنعتوں کی سطح پر یونین فیڈریشنوں کی تشکیل میں معاونت کرنا اور قومی سطح پر صنعتی تعلقات کو مضبوط بنانا ہے۔

نیشنل انڈسٹریل ریلیشنز کمیشن کے دستیاب اعداد و شمار کے مطابق، سال 2016ء تک پاکستان میں 1,390 رجسٹرڈ ٹریڈ یونینیں موجود تھیں، جن کی مجموعی رکنیت تقریباً 14 لاکھ (1.4 ملین) افراد پر مشتمل تھی۔ اس عرصے میں 16 رجسٹرڈ فیڈریشنیں بھی قائم تھیں، جبکہ مجموعی ملازمت یافتہ افرادی قوت کے مقابلے میں ٹریڈ یونینوں کی رکنیت کا تناسب صرف 2.2 فیصد تھا، جو اس امر کی نشاندہی کرتا ہے کہ پاکستان میں ٹریڈ یونین تحریک کو اپنی نمائندگی اور اثر و رسوخ بڑھانے کیلئے مزید اقدامات کی ضرورت ہے۔

بین الاقوامی معیارات کے مطابق، پاکستان کی وفاقی حکومت نے صنعتی تعلقات ایکٹ 2012ء اور بلوچستان حکومت نے بلوچستان انڈسٹریل ریلیشنز ایکٹ 2022 نافذ کیا ہے۔ اس قانون کا مقصد آجروں اور کارکنوں کے درمیان بہترین صنعتی تعلقات کے اصولوں کو برقرار رکھنا، باہمی اعتماد کو فروغ دینا اور اس اعتماد کے ذریعے پیداوار میں اضافہ اور معاشی خوشحالی کو یقینی بنانا ہے۔ مذکورہ قانون کی دفعہ 17، ذیلی دفعہ (1) (الف) میں واضح کیا گیا ہے کہ کوئی بھی آجر، آجروں کی کوئی ٹریڈ یونین، یا ان کی جانب سے کام کرنے والا کوئی شخص، ملازمت کے معاہدے میں ایسی کوئی شرط عائد نہیں کر سکتا جس کا مقصد اس معاہدے میں شامل کسی فرد کے اس حق کو محدود کرنا ہو کہ وہ کسی ٹریڈ یونین میں شامل ہو سکے یا ٹریڈ یونین کی اپنی رکنیت برقرار رکھ سکے۔ اسی قانون کی دفعہ 24 کے مطابق، کسی ٹریڈ یونین کو اپنے ارکان کی نمائندگی کرتے ہوئے اجتماعی سودے بازی کے نمائندہ ادارے (Bargaining Collective Agent) کے طور پر کام کرنے کی اجازت حاصل ہوگی۔ مزید برآں، یہ قانون کسی حد تک کارکنوں کو انتظامی فیصلوں میں باضابطہ شرکت کا حق بھی فراہم کرتا ہے۔ بلوچستان انڈسٹریل ریلیشنز ایکٹ 2022ء کی دفعہ 29 (1) کے مطابق، ہر ایسے ادارے یا کارخانے میں جہاں پچاس یا اس سے زیادہ افراد ملازم ہوں، کارکنوں کے نمائندے منتخب یا نامزد کیے جائیں گے، جو کارخانے کے انتظامی معاملات میں پچاس فیصد تک شرکت کر سکیں گے۔

جرمنی کے مشہور فریڈرک ایبرٹ فاؤنڈیشن (Stiftung Ebert Friedrich) کی جانب سے 27 ستمبر 2022 کو شائع ہونے والے ایک مضمون بعنوان "Pakistan's Labour Reality A: Movement Check" میں لکھا گیا ہے کہ آج، 75 سال بعد، پاکستان میں ٹریڈ یونینیں محرومی، تقسیم اور محدود نمائندگی کا شکار ہیں۔ اس صورتحال کی متعدد وجوہات ہیں، جن میں ٹریڈ یونینوں کا سیاسی عمل میں حد سے زیادہ شامل ہونا، جہاں سیاسی جماعتوں نے سرکاری شعبے اور صنعتی اداروں میں اپنی مزدور تنظیمیں قائم کر رکھی ہیں، روزگار کے شعبے میں بڑھتی ہوئی غیر رسمی نوعیت، جس کے نتیجے میں کنٹریکٹ لیبر اور آؤٹ سورسنگ کے رجحانات میں اضافہ ہوا ہے، مخصوص مفادات کے لیے قائم کی جانے والی پاکٹ یونینز (Pocket Unions) کا قیام، اور حکومت کی جانب سے ادارہ جاتی معاونت کا فقدان شامل ہیں۔ تاہم، مزدور تحریک کی کمزوریوں کی کچھ ذمہ داری خود مزدور قیادت اور یونینوں پر بھی عائد ہوتی ہے۔ پاکستان میں مزدور یونینوں کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے فریڈرک ایبرٹ فاؤنڈیشن (FES) کے مطالعے کے دوران مزدور رہنماؤں کے انٹرویوز میں ٹریڈ یونینوں کے اندر موجود بدعنوانی، اقربا پروری اور جانبداری پر بھی تنقید کی گئی۔ نئی قیادت کو آگے لانے میں ناکامی، مناسب مالی وسائل پیدا نہ کر پانا، مزدور قوانین سے متعلق صلاحیت سازی (Building Capacity) کا فقدان اور مختلف ٹریڈ یونینوں کے درمیان یکجہتی کی کمی نے مزدور تحریک کو مزید کمزور کر دیا ہے۔ ان تمام عوامل نے پاکستان میں مزدور تحریک کے اثر و رسوخ کو محدود کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

مذکورہ مضمون میں یہ تجویز پیش کی گئی ہے کہ اب وقت آ گیا ہے کہ پاکستان کی مزدور قیادت تمام کارکنوں کے اتحاد کے لیے مؤثر اقدامات کرے تاکہ ملک میں مزدور یکجہتی کو مضبوط اور بااثر بنایا جا سکے۔ مزید برآں، ٹریڈ یونینوں کو چاہیے کہ وہ اپنے ارکان کی تعلیمی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے پر توجہ دیں اور عہدیداران کے لیے مدتِ کار (System Tenure) متعارف کروا کر اپنی تنظیموں میں جمہوری ثقافت کو فروغ دیں۔ یہ نہایت ضروری ہے کہ ٹریڈ یونینیں نئی قیادت کو آگے لائیں اور نوجوانوں اور خواتین کی مزدور تحریک اور ٹریڈ یونین سرگرمیوں میں فعال شرکت کے لیے ان کی حوصلہ افزائی کریں، تاکہ متحد پاکستانی مزدوروں کی اقتدار کے ایوانوں تک اپنی آواز مؤثر انداز میں پہنچ سکے۔

نصیحت و خیر خواہی

تحریر: پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

ولید شبلی

باہم نصیحت (تواصی) دعوت دین کے تقاضوں میں سے ایک اہم تقاضا ہے اور سب سے زیادہ حساس بھی۔ اس کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ یہ اُمت مسلمہ کے مقصد وجود سے مشروط ہے۔

ترجمہ ''تم اس دنیا میں وہ بہترین گروہ ہو جسے انسانوں کی ہدایت اور اصلاح کے لیے میدان میں لایا گیا ہے۔ تم نیکی کا حکم دیتے ہو، بدی سے روکتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو''۔ (آل عمران)

چنانچہ اس کے اس مقام و منزلت کی بنا پر اس کو فریضہ اقامت دین میں سنگِ بنیاد کی حیثیت حاصل ہے۔ لہٰذا جہاں اس سے صحیح کام لیا گیا' وہاں دعوت کا عمل موثر انداز میں آگے بڑھا اور وہ بارآور بھی ہوا' اور جہاں اس سے پہلوتہی کی گئی وہاں معاملہ اس کے

برعکس رہا۔

اہمیت

اس کی اہمیت زندگی کے مختلف دائروں' حکومت' فوج' میدانِ سیاست اور ایسے ہی دیگر میدانوں سے مربوط ہونے کی بنا پر دوچند ہے۔ لہٰذا نصیحت اور خیر خواہی کے عمل کا صحیح فہم و ادراک ہمارے لیے بے حد ضروری ہے تاکہ حق کی نصیحت اور دعوت الی الخیر کا فریضہ بہ طریق احسن انجام دیا جا سکے۔

ہمیں معلوم ہونا چاہیے کہ دعوت کے منافی ہر موقع سے بچتے ہوئے کیسے ہم ایک دوسرے کو موثر نصیحت کریں؟ ہمیں معلوم ہونا چاہیے کہ کس موقع پر نصیحت واجب ہے اور کہاں اس کی پذیرائی ہوگی' کون سا اسلوب سب سے موثر ہے' اور اس کے لیے کون سا وقت مناسب ہے اور دعوت کے عمل پر اس کے مثبت یا منفی اثرات کس حد تک ہوں گے۔

اسلام میں ایک دوسرے کو نصیحت اور حق کی تلقین کوئی نفلی کام نہیں ہے بلکہ وہ شرعی، دعوتی اور تحریکی کام کا ایک اہم عنصر ہے۔ ابن ماجہ نے اور ابن حبان نے اپنی صحیح میں روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر تشریف فرما ہوئے، آپؐ نے اللہ کی حمد و ثنا کی اور فرمایا: ''لوگو! اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ تم نیکی کا حکم کرو اور برائی سے روکو، اس سے قبل کہ تم دعا کرو اور میں قبول نہ کروں' تم سوال کرو جسے میں پورا نہ کروں اور تم مجھ سے مدد مانگو اور میں تمھاری مدد نہ کروں''۔

دعوت کے لحاظ سے اسلام نے اسے فرد کی ذمہ داری قرار دیا ہے کہ جب بھی اِس کا موقع میسر آئے تو اُس پر لازم ہے کہ وہ آگے بڑھے، نصیحت کرے، اور خود بھی نصیحت کو قبول کرے اور بھلائی پر مشتمل اپنی رائے کا اظہار کرے۔ یہ ایک عظیم اصول ہے۔ نصیحت کو کسی ایک گروہ تک محدود نہ رکھا جائے کیوں کہ نصیحت سے تو کوئی بھی بے نیاز نہیں ہوسکتا۔ اللہ کا فرمان ہے:

ترجمہ ۔ زمانے کی قسم' انسان درحقیقت خسارے میں ہے' سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لائے' اور نیک اعمال کرتے رہے' اور ایک دوسرے کو حق کی نصیحت اور صبر کی تلقین کرتے رہے۔' (سورہ العصر)

کسی بھی دعوت کی نشو و نما اور اس کا موسم بہار بلکہ اس کی بقا کئی ایک عوامل کی مرہونِ منت ہوتی ہے' اور ان میں سے ایک اہم عمل ایک دوسرے کو نصیحت ہے۔ جب باہمی نصیحت ایک صحت مند دائرے میں دی جائے، اسے مطعون نہ کیا جائے' اور اسے نظامِ غالب سے خروج کی کوئی قسم نہ سمجھا جائے' اور وہ جاری رہے تو کام فروغ پائے گا، برگ و بار لائے گا اور اسے اکھاڑ پھینکنا مشکل ہوگا۔

ایک مسلمان کے لیے لازم ہے کہ جب وہ کسی فرد میں' جماعت میں، نظام میں یا ریاست میں کوئی عیب یا انحراف دیکھے تو وہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد کی تعمیل میں حقِ وصیت ادا کرے۔

''تم میں سے کچھ لوگ تو ایسے ضرور ہی ہونے چاہییں جو نیکی کی طرف بلائیں، بھلائی کا حکم دیں اور برائیوں سے روکتے رہیں۔ جو لوگ یہ کام کریں گے وہی فلاح پائیں گے''۔ (آل عمران ۳:۴۰۱)

ایک بیدار مغز قیادت کا فرض ہے کہ دعوت کے کسی بھی عمل میں نصیحت کو قبول کرے۔ وہ قرآن سے آئے، تنقید سے آئے یا ادراک زمانہ سے۔ اس پر لازم ہے کہ مخالف آرا کو مناسب مقام دے، ان کی قدر کرے اور خواہ وہ کیسی ہی ہوں انھیں احمقانہ قرار نہ دے۔ اختلاف کے باوجود دوسری رائے کا قبول کرنا' اور اس کا احترام، کام کے فروغ اور اس کے استقرار کے عوامل میں سے ایک اہم عمل ہے۔ ہوسکتا ہے کہ اس میں کوئی غیبی اشارہ اور متعلقہ مسئلے کے لیے کوئی رہنمائی اس ذات کی طرف سے ہو' جس کے ہاتھ میں عمل کا نتیجہ ہے۔ ہر تنقید نقصان دہ یا

معیوب نہیں ہوتی۔ دوسری رائے کو سننا، اسے اپنانا اور اس میں موجود خیر کو اخذ کرنا' مسلمان کے لیے اہمیت اور افادیت کا حامل ہے۔

دوسری رائے کو نہ سننا اور اس کے مفید پہلو کو قبول نہ کرنا' رائے کو روک دینے کی ایک صورت ہے۔ قساوت قلبی کے یہی معنی ہیں۔ یہ عقل کی گمراہی پر

1

کی راہ ہموار ہو جائیگی۔ کورنر مندوخیل نے ہیلتھ کیئر اسکولز ٹریننگ میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ والے ٹاپ ٹین کرزز کی شاندار کامیابیوں کو سراہتے ہوئے انہیں پچاس پچاس ہزار روپے نقد رقم دینے کا اعلان کیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حکومت بلوچستان ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن اسکولز اور یوسیف کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، میر عاصم کرد گیلو، رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ، پارلیمانی سیکرٹری برکت رند، رکن صوبائی اسمبلی کلثوم نیاز، وائس بولان میڈیکل یونیورسٹی ڈاکٹر شبیر لہڑی، سیکرٹری تعلیم لال جان جعفر، پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان عبدالناصر دوتانی، یوسیف سے سحرش ناگی ,شازیہ، افتخار شاہ، نقیب اللہ علیخی اور نوراللہ ونگن دوست موجود تھے۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے ہیلتھ کیئر اسکولز ٹریننگ نمایاں کارکردگی پر، یوسیف، محکمہ تعلیم اور بولان میڈیکل یونیورسٹی کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ مہارتوں کی ترقی (اسکلز ڈیولپمنٹ) وقت کی اہم ترین ضرورت بن چکی ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز نے ہیلتھ اینڈ میڈیکل کے شعبوں میں مختلف ڈپلومہ پروگرامز متعارف کرائے ہیں جن کے نہایت حوصلہ افزا اور شاندار نتائج سامنے آرہے ہیں۔ میری خواہش اور بھرپور کوشش ہے کہ کوئٹہ شہر کے مضافات میں بچ روڈ کے قریب ایک ہزار بیڈز پر مشتمل جدید ہسپتال اور ایک ٹیکنیکل یونیورسٹی قائم کی جائے جہاں نوجوانوں کو ہیلتھ کیئر، انجینئرنگ، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور دیگر جدید شعبوں میں عالمی معیار کی مہارتیں فراہم کی جائیں۔

2

سفارتی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں، آبنائے ہرمز کے بحران میں برادر ممالک نے مشترکہ سہولت کاری کا موثر کردار ادا کیا۔ طاہر اندرابی نے کہا کہ عمان نے آبنائے ہرمز کے تنازع میں مثبت اور قابلِ تحسین کردار ادا کیا، پاکستان خطے میں امن کیلئے برادر ممالک کے ساتھ مل کر سفارتی تعاون جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایرانی وزیر خارجہ کو پاکستان کے دورے کی دعوت دی ہے، اسپیکر ایرانی پارلیمنٹ کو بھی دعوت دی گئی یا نہیں، تصدیق قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ غزہ میں امن کیلئے حماس کے غیر مسلح ہونے کے ساتھ اسرائیل کا مقبوضہ علاقوں سے انخلا بھی لازمی ہے، اسرائیل پر اپنی بین الاقوامی ذمے داریاں پوری کرنے اور غزہ سے انخلا کی ذمے داری عائد ہوتی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ غزہ میں امن فوج یا امن نافذ کرنے والی فورس کی تعیناتی پر بات کرنا ابھی قبل از وقت ہے، غزہ میں امن فوج سے متعلق کوئی باضابطہ تجویز سامنے آئی تو پاکستان جائزہ لے گا۔ طاہر اندرابی نے کہا کہ بنگلادیش کی سابق وزیر اعظم کے بیان پر کوئی تبصرہ نہیں کریں گے

3

بھی کامیاب نہیں ہو سکتے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے پرامن ماحول کو سبوتاژ کرنے کی ہر سازش کو ناکام بنانے کیلئے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے شب و روز مصروف عمل ہیں۔ انہوں نے ان کارروائیوں میں پیشہ ورانہ مہارت، بروقت انٹیلی جنس اور مؤثر حکمت عملی کا مظاہرہ کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کا ناسور کسی ایک ادارے کا نہیں بلکہ پوری ریاست اور قوم کا مشترکہ چیلنج ہے، جس سے نمٹنے کیلئے قومی اتحاد، عوامی تعاون اور اداروں کے درمیان مکمل ہم آہنگی ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ دشمن کی حمایت یافتہ دہشت گرد عناصر بلوچستان کے امن، ترقی اور خوشحالی کو پرِ زوال بنانا چاہتے ہیں، مگر ان کے تمام مذموم عزائم ناکام بنائے جائیں گے

4

لگایا۔ سیکورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائی میں فتنہ الہندوستان کے 6 دہشت گرد مارے گئے۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ 6 اگست کو مستونگ میں ایک اور کارروائی کے دوران سیکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کا شدید تبادلہ ہوا جس کے نتیجے میں مزید 6 دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کا کہنا ہے کہ کارروائی کے دوران دہشت گردوں کا ایک ٹھکانہ بھی تباہ کر دیا گیا۔

5

ایشن کے نمائندوں نے ملاقات کی ملاقات میں صوبے میں ٹرانسپورٹ کے شعبے کو درپیش مسائل، قومی شاہراہوں پر امن و امان کی صورتحال، تجارتی سرگرمیوں اور مال برداری کے نظام کو مزید موثر بنانے سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں سیکرٹری ٹرانسپورٹ بلوچستان حیات خان، اڈیشنل سیکرٹری داخلہ عبدالسلام خان اچکزئی، پرنسپل سیکرٹری برائے وزیر اعلیٰ عمران زرکون اور ایڈیشنل سیکرٹری برائے وزیر اعلیٰ محمد فریدون خان بھی موجود تھے وفد میں آل پاکستان مزدا ٹرک گڈز ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن کے چیئرمین میر نواب مینگل سمیت ممتاز ٹرانسپورٹرز میر دولت خان لہڑی، انجمن تاجران کے نمائندے رحیم کاکڑ، نور احمد کاکڑ، حاجی یاسین مینگل، نور اللہ ترین، حاجی محمد ابراہیم بنجاری، آغا داداللہ، حاجی خلیل، طاہر احمد مینگل اور آغا بھی شامل تھے وفد نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو ٹرانسپورٹرز تاجران اور گڈز ایسوسی ایشن کو درپیش مسائل، شاہراہوں پر لفٹ و حمل کے دوران پیش آنے والی مشکلات اور ٹرانسپورٹ کے شعبے سے متعلق مختلف انتظامی امور سے آگاہ کیا اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ٹرانسپورٹ کا شعبہ صوبے اور ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور حکومت اس شعبے کو درپیش مسائل کے حل کو ترجیح دے رہی ہے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ ٹرانسپورٹرز کے جائز مسائل مرحلہ وار حل کیے جائیں گے اور متعلقہ محکموں کو اس حوالے سے ضروری اقدامات کی ہدایت جاری کر دی گئی ہے

6

تھے۔ ملاقات میں حکومتی رہنماؤں نے پی ٹی آئی کو کو مذاکرات کی دوبارہ دعوت دیتے ہوئے کہا پارلیمنٹ ہاؤس میں آپ کی تجویز کردہ جگہ پر مذاکرات ہوسکتے ہیں۔ وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا کہ مذاکرات ہی سیاسی مسائل کا واحد حل ہیں، مذاکرات کے حوالے سے بال پی ٹی آئی کے کورٹ میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم کی اپوزیشن لیڈر کو مذاکرات کی دعوت کا ابھی تک جواب نہیں آیا، توقع ہے کہ پی ٹی آئی مذاکرات کی دعوت کو سنجیدہ لے گی۔

7

مثال اور وزیر زراعت عبدالرحمان بن عبدالحسن الفضلی نے وزیر اعظم شہباز شریف کا استقبال کیا۔ پاکستانی سفیر احمد فاروق اور اعلیٰ سفارتی حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔ اعلامیہ کے مطابق نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل عاصم منیر، وفاقی وزرا خواجہ آصف، عطا اللہ تارڑ اور معاون خصوصی طارق فاطمی بھی وزیر اعظم کے ہمراہ ہیں۔

8

کیو راولپنڈی میں ملاقات کی۔ مسلح افواج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور علاقائی سیکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق اس موقع پر دوطرفہ دفاعی و سیکیورٹی تعاون کو مزید فروغ دینے کے امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ فریقین نے مشترکہ سیکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے عسکری روابط مزید مضبوط اور استعداد کار میں اضافے کی اہمیت پر زور دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق صومالی وزیر دفاع نے خطے میں امن و استحکام کے فروغ کیلئے پاکستان کی مستقل حمایت اور مسلح افواج کے پیشہ ورانہ کردار کو سراہا۔

9

قراردادوں کی کوئی اہمیت نہیں، صوبائی اسمبلی سے بل سینیٹ اور قومی اسمبلی سے دوتہائی اکثریت سے آئینی ترمیم کرنا پڑیگی، نئے صوبوں کیلئے کم از کم آئین کے 4 آرٹیکلز میں ترمیم کرنا ہوگی ۔ پارلیمانی ذرائع کے مطابق آئین کے آرٹیکل 59-51-1 اور 106 میں ترمیم کرنا ہوگی ، صوبوں کی تعداد سینیٹ، قومی صوبائی اسمبلیوں کی نشستوں میں ردوبدل کرنا ہوگا، خواتین اور اقلیتوں کی نشستوں کا بھی نئے سرے سے تعین کرنا ہوگا، آرٹیکل 239 کے تحت بل سینیٹ یا قومی اسمبلی میں سیٹس ایک اجلاس میں پیش ہوگا۔ سینیٹ، قومی اسمبلی سے دوتہائی اکثریت سے منظوری کے بعد بل صدر کے بجائے متعلقہ صوبائی اسمبلی کو بھیجنا ہوگا، آرٹیکل 239 کے تحت صوبائی اسمبلی کو بل دوتہائی اکثریت سے منظور کرنا ہوگا، سینیٹ، قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلی سے دوتہائی اکثریت سے منظوری پر ہی نیا صوبہ بن سکے

10

برادرانہ تعلقات خطے کے امن، ترقی اور توانائی کے شعبے میں تعاون کیلئے انتہائی اہم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ علاقائی کشیدگی کے باعث دنیا بھر کے ممالک معاشی اور توانائی کے بحران سے متاثر ہوئے ہیں، جبکہ عالمی سطح پر آرایل این جی کی قیمتوں میں اضافے سے پاکستانی عوام کو بھی مہنگی توانائی کا سامنا کرنا پڑا۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ خطے میں جلد امن قائم ہوگا اور پاکستان کی اعلیٰ قیادت تنازعات کے حل کیلئے ایرانی قیادت کے ساتھ مل کر مثبت کردار ادا کر رہی ہے۔ سردار اویس لغاری نے مشکل حالات اور جنگ کے باوجود ایران کی جانب سے پاکستان کو بجلی کی مسلسل فراہمی کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستانی ماہرین ایران کا دورہ کریں گے تاکہ یہ جائزہ لیا جاسکے کہ ایران نے مثلی حالات میں بھی اپنے قومی گرڈ اور بجلی کی فراہمی کو کس طرح مستحکم رکھا۔ انہوں نے گوادر کی ترقی کیلئے مستحکم اور بلاتعطل بجلی کی فراہمی کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا کہ اگرچہ ایران سے بجلی کی درآمد جاری ہے، تاہم گوادر میں بجلی کی ترسیل کے نظام کو مزید مضبوط بنانے کیلئے سرمایہ کاری کی ضرورت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان گوادر میں بجلی کی مقامی پیداوار بڑھانے کا بھی ارادہ رکھتا ہے، جبکہ طویل المدتی منصوبہ بندی میں ایران سے بجلی کی درآمد کو بنیادی اہمیت حاصل ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل میں قابلِ تجدید توانائی اور بجلی کی دوطرفہ درآمد و برآمد کے مواقع بھی موجود ہیں، تاہم بجلی کی قیمتوں کو عوام کی استطاعت میں رکھنا اولین ترجیح ہے

11

چائنا کے قیام کی 105 ویں سالگرہ کے موقع پر وزیر اعظم پاکستان کے خط پر اظہارِ تشکر کیا گیا تھا۔ دونوں ممالک کے باہمی تعلقات میں مثبت پیش رفت کو اجاگر کرتے ہوئے، وزیر اعظم نے چین کے ساتھ آل ویدر اسٹریٹیجک شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ وزیر اعظم نے عوامی سطح پر رابطوں کے ساتھ ساتھ دونوں ممالک کی سیاسی جماعتوں اور پارلیمانوں کے مابین تبادلوں کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ ملاقات میں باہمی تعاون اور باہمی دلچسپی کے علاقائی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا

12

مطابق 8 اسلامی ممالک میں پاکستان، مصر، ترکیہ، انڈونیشیا، اردن، قطر، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات (یو اے ای) شامل ہیں، اس حوالے سے جاری مشترکہ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ اسرائیلی کارروائیاں غزہ امن منصوبے کے دوسرے مرحلے اور مستقل جنگ بندی کی کوششوں کو نقصان پہنچا رہی ہیں۔ اس میں کہا گیا کہ غزہ کے ساتھ مقبوضہ مغربی کنارے میں آبادکاروں کے حملے اور نئی بستیاں ناقابل قبول ہیں جبکہ مقبوضہ بیت المقدس کی حیثیت تبدیل کرنے کی کوششیں بھی ناقابل قبول ہیں۔ مشترکہ اعلامیہ میں کہا گیا کہ سلامتی کونسل اسرائیل کو بین الاقوامی قانون پر عمل درآمد اور خلاف ورزیوں کے ذمہ داروں کا احتساب یقینی بنائے

13

تاہم بلوچستان پولیس نے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور جرات کے ذریعے قیام امن میں کلیدی کردار ادا کیا ہیاور بلوچستان پولیس کو مستقبل کے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے جدید ہتھیاروں اور آلات سے لیس کیا جائیگا۔ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ بلوچستان پولیس نے عوام کے جان و مال کے تحفظ کو ہمیشہ اولین ترجیح دی اور ہر مشکل گھڑی میں اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھائیں

14

آئی عاطف اکرام شیخ نے کہا ہے کہ یہ معاہدہ خطے میں تجارتی، صنعتی اور معاشی شراکت داری کے نئے دروازے کھولے گا۔ انہوں نے کہا کہ معاہدے کا بنیادی مقصد پاکستان اور ایران کے درمیان بارٹر تجارت کو فروغ دینا اور کاروباری روابط کو مزید مستحکم بنانا ہے۔ عاطف اکرام شیخ نے کہا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان سالانہ دوطرفہ تجارت کا حجم 10 ارب امریکی ڈالر تک پہنچانے کے ہدف کے حصول کیلئے ایرانی بھائیوں کے ساتھ مل کر کام جاری رکھا جائے گا۔

15

آئی عاطف اکرام شیخ نے کہا ہے کہ یہ معاہدہ خطے میں تجارتی، صنعتی اور معاشی شراکت داری کے نئے دروازے کھولے گا۔ انہوں نے کہا کہ معاہدے کا بنیادی مقصد پاکستان اور ایران کے درمیان بارٹر تجارت کو فروغ دینا اور کاروباری روابط کو مزید مستحکم بنانا ہے۔ عاطف اکرام شیخ نے کہا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان سالانہ دوطرفہ تجارت کا حجم 10 ارب امریکی ڈالر تک پہنچانے کے ہدف کے حصول کیلئے ایرانی بھائیوں کے ساتھ مل کر کام جاری رکھا جائے گا۔

16

لازمی ٹول یا سروس فیس عائد کرنے کی کسی بھی تجویز کی مخالفت کی جائے۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق ان تنظیموں نے اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس اور انٹرپیٹل میری ٹائم آرگنائزیشن کے سیکریٹری جنرل آرسینیو ڈومینگیز کے نام مشترکہ کھلا خط ارسال کیا ہے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ آبنائے ہرمز جیسے بین الاقوامی بحری راستے پر لازمی ٹول یا ایسی سروس فیس نافذ کرنا، جو عملی طور پر ٹول ہی کے مترادف ہو، بین الاقوامی بحری قوانین اور کئی دہائیوں سے رائج اصولوں سے انحراف ہوگا۔ شپنگ تنظیموں نے خبردار کیا کہ اگر آبنائے ہرمز میں اس قسم کی فیس عائد کرنے کی اجازت دی گئی تو مستقبل میں دنیا کی دیگر اہم بین الاقوامی آبی گزرگاہوں پر بھی اسی نوعیت کے اقدامات کی راہ ہموار ہوسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے نہ صرف آزادانہ جہاز رانی کا اصول متاثر ہوگا بلکہ عالمی تجارت، توانائی کی ترسیل اور بین الاقوامی معیشت پر بھی منفی اثرات مرتب ہوسکتے ہیں۔ تنظیموں کے مطابق آبنائے ہرمز دنیا کے اہم ترین بحری راستوں میں شمار ہوتی ہے

17

کرنے کی شرط پر بتایا کہ ایران نے واضح پیغام دیا کہ امریکی حملے کی صورت میں خلیجی ممالک کے بجلی کے بنیادی نظام اور انفرااسٹرکچر کو نشانہ بنائیں گے۔ ایک دوسرے علاقائی عہدیدار نے بھی اس بات کی تصدیق کی کہ ایسے ہی انتہائی پیغامات مختلف دارالحکومتوں تک پہنچائے گئے تھے۔ ذرائع نے بتایا کہ ایران نے صرف دھمکی ہی نہیں دی بلکہ مبینہ طور پر ایسے اہم تنصیبات اور اہداف کی فہرست بھی پیش کی جنہیں جوابی حملے میں نشانہ بنایا جاسکتا ہے تاہم ان اہداف کی تفصیلات منظرعام پر نہیں لائی گئیں۔ اے ایف پی کی رپورٹ کے مطابق ایران کے ان انتہائی پیغامات نے خلیجی ممالک میں تشویش پیدا کر دی کیونکہ ان ممالک کی معیشت، تیل کی برآمدات، پانی صاف کرنے کے پلانٹس، مواصلاتی نظام اور دیگر اہم خدمات کا انحصار جدید بجلی کے بنیادی ڈھانچے پر ہے۔ تاحال نہ تو امریکا نے اے ایف پی کی اس رپورٹ پر باضابطہ ردعمل دیا ہے

18

مرحلے میں 10 اگست 2026 کو پونچھ ڈویژن میں 11 نشستوں پر انتخابی دنگل سجے گا، پونچھ ڈویژن کے نتائج انتخابی منشورنامے کو عمل کرنے کے ساتھ ساتھ نئی قانون ساز اسمبلی میں حکومت سازی کیلئے بھی انتہائی اہم ہوں گے۔ پونچھ ڈویژن کی 11 نشستیں، چار اضلاع پر مشتمل ہیں جہاں دونوں بڑی جماعتوں اور دیگر جماعتوں سمیت سیکڑوں امیدوار میدان میں ہیں اور لاکھوں ووٹرز کا انتخاب کون ہوگا سب کی نظریں پونچھ پر ہیں کیونکہ اس ڈویژن میں ہر ووٹ سیاسی نقشہ بدلنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ آزاد جموں و کشمیر کے پونچھ ڈویژن میں 11 جنرل نشستوں کیلئے مجموعی طور پر 208 امیدوار آمنے سامنے ہوں گے اور رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 11 لاکھ 54 ہزار سے زائد ہے، پونچھ ڈویژن میں جن شہروں میں انتخابی معرکہ ہوگا ان میں راولاکوٹ، باغ، حویلی، پونچھ اور سدھنوتی کے شامل ہے، باغ اور حویلی میں 4 حلقوں، پونچھ اور سدھنوتی میں 7 حلقوں پر ووٹنگ ہوگی اور بڑی سیاسی جماعتوں میں کانٹے دار مقابلے کا امکان ہے۔ باغ اور حویلی کے چار حلقوں میں 82 امیدوار جبکہ پونچھ، راولاکوٹ اور سدھنوتی کے 7 حلقوں میں 126 امیدوار قسمت آزمائیں گے، پونچھ ڈویژن کے حلقوں میں ایل اے 14-باغ 1، ایل اے 15-باغ 2، ایل اے 16-باغ 3، ایل اے 17-باغ اور حویلی کہوٹہ، ایل اے 18-سے ایل اے 24- تک راولاکوٹ، پونچھ اور سدھنوتی کے 7 حلقے شامل ہیں

19

معیار کے تعمیراتی کام کا واضح ثبوت ہے سڑک کی تکمیل سے علاقے کے مکینوں کو محفوظ آسان اور بہتر سفری سہولیات میسر آئیں گی جبکہ آمدورفت میں آسانی تجارتی سرگرمیوں کے فروغ اور سماجی و معاشی ترقی میں بھی مثبت اثرات مرتب ہوں محکمہ مواصلات و تعمیرات کے حکام کے مطابق منصوبے کو مقررہ معیار اور تکنیکی تقاضوں کے مطابق مکمل کیا گیا ہے جبکہ تعمیراتی کام کے دوران شفافیت اور معیار پر خصوصی توجہ دی گئی تاکہ عوام کو دیرپا اور معیاری انفرااسٹرکچر فراہم کیا جاسکیاس موقع پر محکمہ کے حکام نے کہا کہ صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ کے وژن اور سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان کی مؤثر رہنمائی کے باعث محکمہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے کیلئے بھرپور اقدامات کر رہا ہے

20

مزید 9 افراد جاں بحق اور 7 زخمی ہوگئے جبکہ 103 گھروں کو نقصان پہنچا۔ پی ڈی ایم اے کی جاری رپورٹ کے مطابق 29 جولائی سے جاری بارشوں میں اب تک ایبٹ آباد، سوات، بونیر، خیبر، چترال لوئر سمیت مختلف اضلاع میں حادثات پیش آئے جس میں اب تک 9 افراد جاں بحق ہوئے جن میں 4 بچے ،3 خواتین اور 2 مرد شامل ہیں جبکہ مختلف واقعات میں 7 افراد زخمی بھی ہوئے۔ تیز بارشوں اور فلش فلڈ سے اب تک 103 مکانات کو نقصان پہنا جس میں 39 عمل تباہ ہوگئے ہیں۔

21

کیلئے مشترکہ تعاون ناگزیر ہو چکا ہے۔ اپنے بیان میں میجر جنرل ترکی المالکی نے کہا کہ ہر ملک کو اپنے قومی مفادات کے تحفظ کا مکمل حق حاصل ہے، جبکہ بحیرہ احمر سے متصل ممالک باہمی رابطے اور تعاون کو مسلسل فروغ دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کثیر القومی بحری دفاعی اتحاد کا بنیادی مقصد بحری سلامتی کو یقینی بنانا اور اہم سمندری راستوں کو محفوظ رکھنا ہے تاکہ خطے میں استحکام برقرار رہے۔ دریں اثناء، سعودی وزارت دفاع نے ریئر ایڈمرل عبداللہ بن سالم کو کثیر القومی بحری دفاعی اتحاد کا نیا کمانڈر مقرر کرنے کا اعلان بھی کیا ہے۔

22

ہوگئے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں معاون محکمہ داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ واشک اور مستونگ میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے دوران فتنہ الہندوستان کے 12 دہشت گردوں کا انجام سیکیورٹی فورسز کی اعلیٰ پیشہ ورانہ مہارت کا ثبوت ہے، دہشت گردی کے خلاف برسرِ پیکار سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جرات، قربانیاں اور عزم پوری قوم کیلئے باعثِ افتخار ہیں۔ بابر یوسفزئی نے کہا کہ حکومت بلوچستان ریاست دشمن عناصر کے عمل خاتمے کیلئے سیکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی، بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کو قومی اتحاد، مؤثر حکمتِ عملی اور فیصلہ کن کارروائیوں کے ذریعے منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا

23

کا اعلان کر دیا ہے۔ جماعت اسلامی نے صوبہ بھر میں ذمہ داران، کارکنان اور نوجوانوں کو منصوبہ بندی کے ساتھ ہدایات جاری کر دی ہیں اور پہیہ جام ہڑتال کی تمام تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف وفود سے ملاقاتوں، عشائیے اجلاسوں اور کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ہڑتال کسی ایک جماعت یا طبقے کی نہیں بلکہ بلوچستان کے عوام، تاجروں، ٹرانسپورٹرز، مزدوروں اور نوجوانوں کی مشترکہ پرامن جدوجہد ہے، جس کا مقصد امن کا قیام، بدامنی اور بدعنوانی کا خاتمہ، شاہراہوں پر لوٹ مار کی روک تھام، بارڈرز کی بحالی، پٹرولیم مصنوعات پر بھتہ خوری کے خاتمے اور لاپتہ افراد کی بازیابی کے مطالبات کو اجاگر کرنا ہے۔ کوئٹہ۔ چمن شاہراہ (این- 25)، کوئٹہ۔ قلعہ عبداللہ شاہراہ، کوئٹہ۔ ژوب شاہراہ (این- 50)، کوئٹہ۔ سبی شاہراہ، کوئٹہ۔ کراچی شاہراہ (آر سی ڈی/این- 25)، کوئٹہ۔ مستونگ۔ خضدار۔ گوادر شاہراہ (این-25)، گوادر۔ تربت۔ ہوشاب شاہراہ (ایم- 8)، تربت۔ پنجگور شاہراہ، نوشکی۔ تفتان شاہراہ (این- 40)، قلات، خضدار، لسبیلہ، نوشکی، حب، جعفر آباد، نصیر آباد، ڈیرہ مراد جمالی، لورالائی، بارکھان، پشین، قلعہ سیف اللہ، چاغی، واشک، نوشکی، پنجگور، گوادر، ژوب اور شیرانی سمیت صوبے کے مختلف اضلاع میں اہم شاہراہوں پر احتجاج اور پہیہ جام ہوگا

24

جمعرات کو دفتر خارجہ کے ترجمان کے جاری بیان کے مطابق اس موقع پر وزیر اعظم کے ہمراہ ایک اعلیٰ سطح کا وفد بھی ہوگا جس میں نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، چیف آف آرمی سٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز سید عاصم منیر اور وفاقی وزرا شامل ہیں۔ نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور قومی سلامتی کے مشیر میجر جنرل ترکی المالکی نے کہا کہ آج کے دن شہادت کا عظیم رتبہ پانے والے بلوچستان پولیس کے بہادر شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں شہداء پولیس ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں۔ زندہ قومیں اپنے ہیروز کو کبھی فراموش نہیں کرسکتیں۔ جن کی جرات اور بہادری کی داستانیں ہم سب کے لئے مشعل راہ ہیں۔ بلوچستان پولیس اپنے فرائض کے حوالے سے ہمیشہ سے پرعزم ہے۔ روز بروز ہمارا عزم مزید پختہ ہوتا جارہا ہے اور ہم دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑنے اور امن کے قیام کے لئے ہمہ وقت برسرِ پیکار ہیں۔ اپنی جانوں کی پرواہ کئے بغیر دہشت گردوں کا صفایا کرکے ہی رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پولیس نصف حالات میں کام کر رہی ہے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بلوچستان پولیس کے کئی بہادر افسران اور جوان شہید ہوئے ہیں دہشت گردی کے خلاف جنگ ریاست کی جنگ ہے۔ بلوچستان پولیس اپنے قیام سے آج تک امن کی علمبردار رہی ہے ہمارے جوان ہمہ وقت جرائم اور خصوصاً دہشت گردی کے خلاف جنگ لڑتے ہوئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے کے لئے تیار رہتے ہیں۔ ہمیں فخر ہے کہ ہماری صفوں میں حامد شکیل، فیاض سنبل، ساجد مہمند اور مبارک شاہ جیسے جری اور بہادر اہلکاروں سمیت کئی شہید ہونے والے جوانوں نے اپنی جان کا نذرانہ دے کر اس ملک کا پرچم اور ہمارا سر فخر سے بلند کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں ان شہداء کے خاندانوں کو سلام پیش کرتا ہوں جنہوں نے اپنے بیٹے، شوہر، بھائی اور باپ کو وطن پر قربان ہوتے دیکھا مگر صبر اور فخر کے ساتھ سر بلند رکھا ان کی عزت، فلاح و بہبود، تعلیم، صحت اور روزگار کے تمام تر معاملات ہماری اولین ترجیح ہیں

27

خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی حلقہ خواتین کے زیر اہتمام وحدت روڈ پر پڑ ولیم منعوعات کی قیمتوں اور مہنگائی کے خلاف منعقدہ مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ امیر لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ، صدر حلقہ خواتین ڈاکٹر حمیرا طارق، سمیحہ راحیل قاضی، ثمینہ سعید اور عظمیٰ عمران نے بھی مظاہرین سے خطاب کیا۔ مظاہرہ امیر جماعت اسلامی کی جانب سے ملک کے تمام اضلاع کو ملانے والی اور اہم سڑکیں بند کرنے کے اعلان سے ایک روز قبل منعقد کیا گیا جس میں خواتین کی کثیر تعداد نے شرکت اور حکومت کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا ہے کہ حکومت کو عوام کے مطالبات پورے کرنا ہوں گے، حکمرانوں نے ہوش کے ناخن نہ لیے تو حالات کی تمام تر ذمہ داری انہی پر عائد ہوگی۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ پڑ ولیم لیوی ٹیکس نہیں بلکہ بھتہ ہے جس سے ہر فرد شدید پریشان ہے۔ غریب آدمی سے ایک لیٹر پٹرول پر 125 روپے ٹیکس وصول کیا جارہا ہے

28

تدارک، ساحلی ماحولیاتی نظام کے تحفظ اور بلیوا کانومی کے فروغ کیلئے مربوط اقدامات پر اتفاق کیا ہے۔ یہ اتفاقِ رائے وزارتِ بحری امور میں ہونے والی ملاقات کے دوران ہوا، جس میں پاکستان کے ساحلی علاقوں میں بڑھتی ہوئی سمندری آلودگی اور اس کے سمندری حیات، ماہی گیری، ساحلی آبادیوں اور اہم انفرااسٹرکچر پر مرتب ہونے والے اثرات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر محمد جنید انوار چوہدری نے کہا کہ سمندری آلودگی اب صرف ماحولیاتی مسئلہ نہیں رہی بلکہ یہ معاشی سرگرمیوں، روزگار اور ساحلی آبادی کی صحت کیلئے بھی سنگین خطرہ بن چکی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ میرین پولوشن کنٹرول بورڈ آلودگی کے تدارک کیلئے مختلف اقدامات کر رہا ہے اور اس سلسلے میں سندھ حکومت اور متعلقہ صوبائی اداروں کا مشترکہ اجلاس بلانے کی تجویز بھی ہے تاکہ مربوط حکمتِ عملی تیار کی جاسکے۔

29

میں جھینگے کی فارمنگ کے وسیع مواقع، سرمایہ کاری کے امکانات اور اس شعبے کی ترقی کیلئے جدید طریقہ کار پر بھی گفتگو ہوئی۔ وائس چیئرمین بلال خان کاٹڑ نے کہا کہ بلوچستان کا طویل ساحلی خطہ بلیوا کانومی کے فروغ کیلئے غیر معمولی استعداد رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اور نجی شعبے کے باہمی تعاون سے آبی زراعت اور سمندری وسائل کی پائیدار ترقی کو یقینی بنا کر نہ صرف روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں بلکہ ملکی معیشت کو بھی مزید مستحکم بنایا جاسکتا ہے۔ اجلاس میں AquaVision Consultants Limited (Private) کے ڈائریکٹرز آصف رشید اور عادل امجد نے بھی شرکت کی۔

30

کے 14 ایجنڈے شامل تھے۔ اجلاس میں محکمے کے آفیسرز کو مختلف گریڈ میں ترقی کی سفارش کی گئی۔ اجلاس میں بی ایس ایس اور بی سی ایس کے 143 آفیسران کو پی ایس 19 گریڈ سے 20، 18 سے 17 ,19 سے 18 گریڈ اور 16 سے 17 میں ترقی کی سفارش کی گئی۔

31

دو موٹر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے گئے، جن میں بھارت کے حمایت یافتہ دہشت گرد گروہ "فتنہ الہندوستان" کے 12 دہشت گرد ہلاک کیے گئے انہوں نے کہا کہ 5 اگست کو ضلع واشک میں سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کی نقل و حرکت کی بروقت نشاندہی کرتے ہوئے کامیاب کارروائی کی، جس کے نتیجے میں فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے چھ دہشت گرد ہلاک ہوئے انہوں نے کہا کہ 6 اگست کو ضلع مستونگ میں ایک اور انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران سیکیورٹی فورسز نے شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد مزید چھ دہشت گردوں کو ہلاک کیا جبکہ دہشت گردوں کا ٹھکانہ بھی مکمل طور پر تباہ کر دیا گیا معاونِ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کے قیام، عوام کے جان و مال کے تحف

ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان سے وائس آف بلوچستان کا وفد ملاقات کر رہا ہے

ڈپٹی کمشنر لورالائی کی زیرِ صدارت ضلعی انٹیلی جنس رابطہ کمیٹی کا اہم اجلاس

حلف نامے کے بغیر کسی بھی ریلی، جلوس یا بڑے عوامی اجتماع کی اجازت نہیں دی جائے گی' محمد حسیب شجاع

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی، کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیرِ صدارت ضلعی انٹیلی جنس رابطہ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایس ایس پی ڈاکٹر فہد احمد، میجر کامران، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اسماعیل مینگل، انٹیلی جنس اداروں اور دیگر قانون نافذ کرنے والے و سیکیورٹی اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع کی مجموعی امن وامان کی صورتحال، (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

چیف سیکرٹری بلوچستان کی زیرِ صدارت صوبائی سلیکشن بورڈ کا اجلاس

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت جمعرات کے روز صوبائی سلیکشن بورڈ کا اجلاس منعقد ہوا جس میں محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی کے 14 ایجنڈے شامل تھے۔ اجلاس میں محکمے کے (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

گوادر' اسکل ایجوکیشن ہیلتھ کیئر سینٹر میں طالبات کی طبی و تکنیکی تربیت کا پہلے مرحلے اختتام پذیر ہوگیا

آٹھ ماہ کی تربیت مکمل ہونے کے بعد امتحان بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز، کوئٹہ کے زیرِ اہتمام لیا جائے گا

گوادر (خ ن) صوبائی حکومت کے وژن کے مطابق طلبہ و طالبات کو معیاری تعلیم کے ساتھ عملی اور فنی مہارتوں سے آراستہ کرنے کیلئے محکمہ تعلیم گوادر، ایجوکیشن سپورٹ پروگرام (ESP)، یونیسف (UNICEF) اور یورپی یونین کے اشتراک سے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول شبے اسماعیل گوادر میں قائم اسکل ایجوکیشن ہیلتھ کیئر سینٹر میں طالبات کی طبی و تکنیکی تربیت کا پہلے مرحلے اختتام پذیر ہوگیا اس پروگرام کے تحت 120 طالبات ٹریننگ مکمل کر کے پاس آؤٹ ہوئے ہیں جبکہ دوسرا مرحلہ کا آغاز ہوگیا ہے میر عبدالغفور مگسی ٹیچنگ اسپتال کے میڈیکل (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

جیکب آباد، ڈپٹی کمشنر جیکب آباد شہزاد احمد ساہی ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین سمیت دیگر سندھ متنازعہ سم نالے کے حوالے سے تبادلہ خیال کر رہے ہیں

ضلع کوئٹہ اور کنٹونمنٹ ایریا میں اشیائے ضروریہ کی نئی قیمتیں فوری طور پر نافذ

گائے کے دودھ کی ڈیری فارم قیمت 150 روپے فی لیٹر اور ریٹیل قیمت 170 روپے فی لیٹر مقرر کی گئی ہے

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر/چیئرمین ضلعی پرائس کنٹرول کمیٹی کوئٹہ نے قیمتوں کے کنٹرول اور ناجائز منافع خوری و ذخیرہ اندوزی کی روک تھام ایکٹ، 1977 کے تحت حاصل اختیارات استعمال کرتے ہوئے ضلع کوئٹہ اور کنٹونمنٹ ایریا میں اشیائے ضروریہ کی نئی قیمتیں فوری طور پر نافذ کرتے ہوئے آئندہ احکامات تک مقرر کر دی ہیں۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق 20 کلوگرام آٹے کی ہول سیل قیمت 2580 روپے جبکہ ریٹیل قیمت 2640 روپے (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

غیر قانونی بورنگ کی اطلاع پر فوری کارروائی' بور کو موقع پر ہی سیل کر دیا گیا

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر (صدر) محمد یوسف ہاشمی کی زیرِ نگرانی مندوخیل اسٹریٹ نمبر 2 میں غیر قانونی بورنگ کی اطلاع پر فوری کارروائی عمل میں لائی گئی۔ کارروائی کے دوران غیر قانونی بور کو موقع پر ہی سیل کر دیا گیا

قلات' امن وامان کی صورتحال کے پیشِ نظر شہریوں کیلئے اہم سیکیورٹی ایڈوائزری جاری

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی نے امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر شہریوں کے لئیا اہم سیکیورٹی ایڈوائزری جاری کردی ہے ڈپٹی کمشنر آفس قلات سے جاری کردہ حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ شہریوں کے جان ومال کے تحفظ اور امن وامان برقرار رکھنے (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

زراتون بلوچ کا تحصیل پسنی اور تحصیل اورماڑہ کے مختلف سرکاری تعلیمی اداروں کا تفصیلی دورہ

کلاس رومز کی شدید کمی کے باعث طالبات کھلے آسمان تلے اور فرش پر بیٹھ کر تعلیم حاصل کرنے پر مجبور ہیں

گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت صوبے کے ہر بچے، بالخصوص طالبات، کو معیاری، محفوظ اور سازگار تعلیمی ماحول کی فراہمی کیلئے حکومت بلوچستان عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ اسی سلسلے میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (خواتین) گوادر زراتون بلوچ نے تحصیل پسنی اور تحصیل اورماڑہ کے مختلف سرکاری تعلیمی اداروں کا تفصیلی دورہ (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی عبدالخالق اچکزئی سینٹرل پولیس آفس کوئٹہ میں منعقدہ یوم شہداء کی تقریب کے موقع پر شہداء کے لواحقین کو تحائف دے رہے ہیں

سیاسی عدم استحکام مزید بحرانوں کا باعث بن رہا ہے، پشتونخوا میپ

سیاسی جمہوری کارکنوں اور عوام کا کامیاب احتجاجی مظاہروں وجلسوں میں شرکت پر شکریہ ادا کرتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ، پشتونخوا میپ کے چیئرمین اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کی کال پر ملک کے مختلف ہیڈ کوارٹرز، اضلاع وعلاقوں سمیت کوئٹہ، پشین، چمن، قلعہ عبداللہ خان، قلعہ سیف اللہ، ژوب، شیرانی، موسیٰ خیل، لورالائی، سنجاوی زیارت، سبی، ہرنائی میں زبردست اور ولولہ انگیز احتجاجی مظاہروں (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے اعلیٰ سطحی وفد نے ڈپٹی کمشنر آفس جیکب آباد کا دورہ

مین حیردین ڈریج میں سندھ کا مزید اضافی پانی شامل کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں ہے

جیکب آباد (خ ن) سندھ اور بلوچستان کے درمیان جیکب آباد کے متنازعہ سم نالے کی تھی سلجھانے کیلئے کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کے احکامات کی روشنی میں بلوچستان کے اعلیٰ سطحی وفد نے ڈپٹی کمشنر آفس جیکب آباد کا دورہ کیا، جہاں ڈپٹی کمشنر جیکب آباد شہزاد احمد ساہی کی سربراہی میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ بلوچستان کے وفد میں ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان، ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین، سپرنٹنڈنگ انجینئر ایریگیشن سرکل مدثر ظفر کھوسہ (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنا ہماری ذمہ داری ہے' سردار فیصل جمالی

ترقیاتی فنڈز کا شفاف استعمال، منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل اور عوامی وسائل کا تحفظ حکومت بلوچستان کی اولین ترجیحات ہیں

حلقہ انتخاب میں بلاامتیاز ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھائیں گے، عوامی خدمت ہمارا نصب العین ہے' وزیر لائیو اسٹاک بلوچستان

گنداخہ (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما و صوبائی وزیر لائیو اسٹاک بلوچستان سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ حلقہ انتخاب کے تمام علاقوں میں بلاامتیاز، بلا رنگ، نسل اور سیاسی وابستگی ترقیاتی کاموں کا فروغ ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ عوام کے اعتماد کو اپنی سب سے بڑی ذمہ داری سمجھتے ہیں اور ان کی توقعات پر پورا اترنے کے لیے دن رات عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

جشن آزادی کے موقع پر سرکاری ونجی عمارتوں کی سجاوٹ اور چراغاں کے حوالے سے اجلاس

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی حکومت کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) کوئٹہ محمد امیر حمزہ کی زیرِ صدارت 14 اگست یوم آزادی کے سلسلے میں سرکاری ونجی عمارتوں کی سجاوٹ اور چراغاں کے حوالے سے ایک اجلاس (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

کامیابی کے لئے تعلیم، مطالعہ اور مسلسل سیکھنے کا عمل ناگزیر ہے، سپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے پارلیمنٹ ہاس میں ڈیجیٹل بلوچستان اے آئی لاچ پیڈ بوٹ کیمپ میں شریک طلبہ نے جمعرات کو یہاں ملاقات کی۔ اس موقع پر سپیکر نے طلبا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے طلبہ کو قومی اسمبلی میں انٹرن شپ کے مزید مواقع ترجیحی بنیادوں پر فراہم کئے جائیں گے

جوائنٹ روڈ توسیع' دکانوں کی تعداد اور موجودہ حیثیت کے تعین کے حوالے سے اجلاس

رپورٹس، ریکارڈ، نقشہ جات، لیز آرڈرز، الاٹمنٹ آرڈرز اور متعلقہ دستاویزات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

کوئٹہ (خ ن) معزز بلوچستان ہائی کورٹ کی ہدایات اور کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی جانب سے قائم خصوصی سب کمیٹی کے فیصلوں کی روشنی میں جوائنٹ روڈ کی توسیع سے قبل موجود دکانوں کی تعداد اور ان کی موجودہ حیثیت کے تعین کے حوالے سے اجلاس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) کوئٹہ حافظ محمد طارق کی زیرِ صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر (سٹی)، میٹروپولیٹن (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر صدر کوئٹہ محمد یوسف ہاشمی غیر قانونی بورنگ کے خلاف کارروائی کر کے سیل کر رہے ہیں

دیانا، سفارتخانہ پاکستان میں یوم استحصالِ کشمیر کی تقریب، غیر قانونی بھارتی اقدامات کی شدید مذمت

دیانا (این این آئی) یوم استحصالِ کشمیر کے موقع پر سفارتخانہ پاکستان دیانا میں ایک خصوصی تقریب سفیر پاکستان کامران اختر ملک کی سربراہی میں منعقد ہوئی جس میں پاکستانی کمیونٹی کے نمائندوں، مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات اور مقررین نے شرکت کی

تربت بلیدہ زمیندار الیکشن کمیٹی کے وفد کے مطالبات اور مسائل کے حل کے حوالے سے اجلاس

بلیدہ میں یوریا کھاد کی فراہمی اور تقسیم کے معاملات کو جلد از جلد حل کیا جائے' کمشنر مکران

تربت (خ ن) کمشنر مکران ڈویژن قادر بخش پرکانی کی زیرِ صدارت کمشنر آفس تربت میں بلیدہ زمیندار الیکشن کمیٹی کے وفد کے مطالبات اور علاقے کو درپیش مسائل کے حل کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی، اربن ڈویلپمنٹ پروجیکٹ کے ایکسیئن شعیب سعید، محکمہ زراعت کے آفیسر عارف کریم، بہرام بلوچ، ایریگیشن بلیدہ کا ایکسیئن انجینئر ہیگر، ڈی ایس پی نزیر احمد سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں بلیدہ سے (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

صحبت پور کے قریب فائرنگ سے زخمی ہونے والا شخص ہسپتال میں دم توڑ گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) صحبت پور کے قریب فائرنگ کا زخمی کراچی کی نجی ہسپتال میں دم توڑ دیا پولیس کے مطابق صحبت پور آر ڈی 309 گوٹھ کامران کنڈ رانی میں فائرنگ کے تبادلے میں ہونے والا رفیق احمد کراچی کی نجی ہسپتال میں دوران علاج زخموں کی (بقیہ 70 صفحہ 3 پر)

اسسٹنٹ کمشنر (صدر) محمد یوسف ہاشمی نے دو غیر قانونی بورنگ سیل کر دیئے

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر (صدر) محمد یوسف ہاشمی کی زیر نگرانی مندوخیل اسٹریٹ نمبر 2 میں غیر قانونی بورنگ کی اطلاع پر (بقیہ 69 صفحہ 3 پر)

نوڈیرو' نوجوان مجیب جروار بجلی کی موٹر سے کرنٹ لگنے سے جاں بحق

نوڈیرو (رپورٹ: عابد بھٹو) نوڈیرو کے گاؤں خانواہ کے مکین نوجوان مجیب جروار بجلی کی موٹر سے کرنٹ لگنے سے جاں بحق، پاکستان پیپلز پارٹی یوسی پیر بخش بھٹو کے گاؤں خانواہ کے ورکر حاجی منور علی جروار کا نوجوان بیٹا مجیب جروار بجلی کی موٹر سے کرنٹ لگنے کے باعث بے ہوش ہوگیا۔

شہری کی شکایت پر علمدار روڈ پر واقع شیر علی مٹن شاپ کا معائنہ' دکان مالک گرفتار

شہر میں ناجائز منافع خوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی' امیر حمزہ

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایت پر وزیر اعظم ڈیلیوری یونٹ (PMDU) میں موصول ہونے والی شکایت پر اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) کوئٹہ امیر حمزہ نے فوری کارروائی کرتے ہوئے علمدار روڈ پر واقع شیر علی مٹن (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

بیگناہ لوگوں کے دشمنوں اور ان کے عزائم کو بھی خاک ملاتے رہیں گے' محمد طاہر

ہم دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑ نے اور امن کے قیام کے لئے ہمہ وقت برسرِ پیکار ہیں

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بلوچستان پولیس کے کئی بہادر افسران اور جوان شہید ہوئے ہیں' انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا کہ ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہیئے کہ صوبے میں امن و استحکام اور پائیدار امن کے قیام کیلئے اب تک 1195 پولیس آفیسران اور جوانوں نے جام شہادت نوش کیا ہے ان گمنام ہیروز نے اپنا خون دیکر ہمیں جینے کا حق دیا موت تو برحق ہے۔ مگر ہمارا عزم ہے کہ بیگناہ لوگوں کے دشمنوں اور ان کے عزائم کو بھی خاک ملاتے رہیں گے۔ ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ امن (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

زرمبادلہ ذخائر میں سوا تین کروڑ ڈالر کا اضافہ

کراچی (این این آئی) ملکی زرمبادلہ ذخائر جولائی کے آخری کاروباری ہفتے میں سوا تین کروڑ ڈالر بڑھے ہیں۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے مطابق اس اضافے سے 31 جولائی تک ملکی زرمبادلہ ذخائر 22 ارب 47 کروڑ ڈالر رہے۔ اسٹیٹ بینک کے ذخائر ایک کروڑ 31 لاکھ ڈالر اضافے سے 17 ارب 4 کروڑ ڈالر رہے

سرکاری و نجی عمارتوں کی سجاوٹ اور چراغاں کے حوالے سے اجلاس

اپنی اپنی عمارتوں کو قومی پرچموں، برقی قمقموں اور دیگر تزئینی سامان سے آراستہ کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) صوبائی حکومت کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) کوئٹہ محمد امیر حمزہ کی زیرِ صدارت 14 اگست یوم آزادی کے سلسلے میں سرکاری ونجی عمارتوں کی سجاوٹ اور چراغاں کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں محکمہ تعلیم، پی ٹی سی ایل، این ٹی سی، سرینا ہوٹل، مختلف بینکوں اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر یونیو کوئٹہ حافظ طارق جوائنٹ روڈ کے مسائل سے متعلق سب کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول مدرسہ بحرالعلوم میں تقریب

پاکستان کا بچہ بچہ اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑا ہے

چمن (نامہ نگار) یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول مدرسہ بحرالعلوم گھوڑا ہسپتال روڈ چمن میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں اساتذہ، طلبہ اور معزز شہریوں نے شرکت کی اور کشمیری عوام کے ساتھ بھرپور اظہارِ یکجہتی کیا۔ تقریب سے شمشاد رائٹر فورم پاکستان کے سینئر نائب صدر شیر محمد کاکڑ، سمیع اللہ خان اور تعلیمی کمیٹی پی ٹی ایس ایم سی کے چیئرمین عبیداللہ کاکوزئی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 5 اگست 2019 جنوبی ایشیا (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

تمبو' موٹر سائیکل چھیننے والے دو ملزمان رنگے ہاتھوں گرفتار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو کے علاقے میں موٹر سائیکل چھیننے والے دو ڈکیت رنگے ہاتھوں پکڑے گئے مسروقہ موٹر سائیکل اسلحہ برآمد مقدمہ درج کر لیا گیا پولیس کے مطابق تمبو خانکوٹ پولیس تھانے کی حدود گھڑی رحمان سے موٹر (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

یونین ملازمین کو کسی بھی صورت تنہا نہیں چھوڑے گی' علی بخش جمالی

حکومت بلوچستان اور متعلقہ حکام ملازمین کے جائز مطالبات کو فوری طور پر حل کریں

گنداخہ: (نامہ نگار) بلوچستان ایریگیشن ایمپلائز یونین کے صوبائی صدر علی بخش خان جمالی نے کہا ہے کہ ایریگیشن ملازمین کے حقوق کے تحفظ، سروس سے متعلق مسائل کے مستقل حل، ادارے کی بہتری اور ملازمین کے معاشی و پیشہ ورانہ مفادات کے لیے متحد ہو کر آئینی، قانونی اور جمہوری جدوجہد جاری رکھی جائے گی ان خیالات کا اظہار انھوں نے مرکزی یونین دفتر (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

حکومت خانوزئی تا سپیرہ راغہ روڈ منصوبے کا فوری نوٹس لے' پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری کردہ بیان میں خانوزئی تا سپیرہ راغہ روڈ کی تعمیر میں طویل تاخیر، اس ترقیاتی منصوبے میں بدترین غفلت اور متعلقہ اداروں کی ناقص کارکردگی پر شدید تشویش اور افسوس کا اظہار کیا گیا ہے۔ بیان (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

مضرِ صحت، غیر معیاری اور ملاوٹی خوراک کے خلاف کارروائیاں

21 خوراک کے مراکز کو جرمانہ، 29 فوڈ بزنس آپریٹرز کو اصلاحی نوٹسز' 2 فوڈ پروڈکشن یونٹس سیل

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے صوبہ بھر میں مضرِ صحت، غیر معیاری اور ملاوٹی خوراک کے خلاف جاری کارروائیوں کے تحت کوئٹہ، ہرنائی، ڈیرہ اللہ یار اور حب میں مختلف فوڈ بزنس مراکز کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اسپیکشنز کے دوران مجموعی طور پر 21 خوراک کے مراکز کو جرمانہ، 29 فوڈ بزنس آپریٹرز کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے جبکہ 2 فوڈ پروڈکشن یونٹس سیل کر دیے گئے۔ علاوہ ازیں ایک فوڈ پروڈکشن یونٹ کا فوڈ بزنس لائسنس اور پیکنگ مشین بھی ضبط کر لی گئی۔

کوئٹہ، آل پارٹیز کے قائدین مولانا عبدالواسع، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، اصغر خان اچکزئی، عیسیٰ روشان، اختر حسین لانگو اور دیگر کانفرنس کر رہے ہیں

تزئین و آرائش کیلئے شجرکاری مہم کو تیز کرنا وقت کی اہم ترین ضرورت بن چکا ہے

عوام اپنے اطراف میں گرین کور (سبزے) کو بڑھانے کے لیے موزوں مقامات پر بڑے پیمانے پر پودے لگائیں

ڈیرہ اللہ یار (خاکسار تبسم) نصیر آباد ڈویژن میں بڑھتی ہوئی گرمی کی شدت کے توڑ، ماحولیاتی آلودگی کے سدباب اور شہری و دیہی علاقوں کی تزئین و آرائش کے لیے شجرکاری مہم کو تیز کرنا وقت کی اہم ترین ضرورت بن چکا ہے۔ اس لیئے عوام اپنے اطراف میں گرین (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)



حضرت مولانا نورالدین عبدالرحمٰن جامیؒ اسلامی تاریخ کی وہ عظیم شخصیت ہیں' مقبول احمد قادری

صوفیائے کرام نے ہمیشہ امن، محبت، بھائی چارے اور اتحادِ امت کا پیغام دیا، جسے فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے

جعفر آباد (نامہ نگار مقصود احمد مہر) شیران اسلام پاکستان کے صوبائی ناظم بلوچستان، الفقیر مقبول احمد قادری (خادم جیلانی) نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حضرت مولانا نورالدین عبدالرحمٰن جامی رحمۃ اللہ علیہ اسلامی تاریخ کی وہ عظیم شخصیت ہیں جنہوں نے علم، ادب، تصوف اور روحانیت کے میدان میں لازوال خدمات انجام دیں۔ آپ کی تعلیمات (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

پشین اور اس کے گردونواح کے علاقوں میں امن وامان کی صورتحال تشویش کا باعث ہے، عمر خان ترین

پشین اور اس کے گردونواح کے علاقوں میں امن وامان کی صورتحال تشویش کا باعث ہے

پشین (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع پشین کے ضلع کمیٹی کا اجلاس ضلع سیکرٹری عمر خان ترین کے زیرِ صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلعی، تحصیلوں کے صدور نے تنظیمی سیاسی رپورٹس پیش کی جس پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اس کی منظوری دی گئی۔ (بقیہ 61 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل یونیسف اور محکمہ تعلیم کے مشترکہ ہیلتھ کیئر سکلز ٹریننگ میں ٹاپ ٹین لرزز کو سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

موثر انٹیلی جنس نیٹ ورک کے ذریعے دہشت گردی اور جرائم کا خاتمہ ناگزیر ہے' عبدالقادر

جدید ٹیکنالوجی اس وقت تک مکمل طور پر مؤثر ثابت نہیں ہوسکتی جب تک اسے مضبوط انسانی انٹیلی جنس کے ساتھ مربوط نہ کیا جائے

سیف سٹی منصوبہ صرف سی سی ٹی وی کیمروں تک محدود نہیں ہونا چاہیے' چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ حکومت جدید ٹیکنالوجی اور مؤثر نگرانی کے نظام کو بروئے کار لا کر بلوچستان میں امن وامان کی بحالی اور دہشت گردی سمیت سنگین جرائم کے خاتمے کو یقینی بنائے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں دہشت گردی، ٹارگٹ کلنگ، اغوا برائے تاوان، اسمگلنگ، ڈکیتی اور دیگر جرائم میں حالیہ برسوں کے دوران تشویشناک اضافہ ہوا ہے، جس کے (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

ایس پی ضلع جھل مگسی رحمت اللہ درانی کا پولیس وائے ٹی ایف کے شہداء کو شاندار خراجِ عقیدت

گنداواہ (این این آئی) تفصیلات کے مطابق یوم شہداء کے موقع پر ایس پی ضلع جھل مگسی رحمت اللہ درانی نے مقامی قبرستان سید پیر محمد ایوب شاہ بخاری کا دورہ کیا، جہاں ضلع جھل مگسی پولیس اور اے ٹی ایف کے ان بہادر (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

مؤثر طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے حکومت بلوچستان عملی اقدامات کر رہی ہے' یاسر طاہر

ہر بچے تک حفاظتی ٹیکہ جات کی بروقت رسائی کو یقینی بنایا جائے' ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر گوادر

گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت صوبے کے دور دراز علاقوں میں عوام کو معیاری، بروقت اور مؤثر طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے حکومت بلوچستان عملی اقدامات کر رہی ہے۔ اسی سلسلے میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر گوادر ڈاکٹر یاسر طاہر نے ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فاروق بلوچ کے ہمراہ بنیادی مرکز صحت (بی ایچ یو) فقیر آباد اور سیول ڈسپنسری ہربیلا کا تفصیلی (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وائس چانسلر بیوٹمر یونیورسٹی ڈاکٹر خالد حفیظ اور ڈائریکٹر ژوب کیمپس ڈاکٹر سلام اودگی ملاقات کر رہے ہیں

بسیمہ' یوم استحصال کشمیر بھرپور قومی جذبے اور کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے ساتھ منایا گیا

پاکستان کا ہر شہری کشمیری عوام کی جائز جدوجہد آزادی کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا' مقررین

بسیمہ (نامہ نگار) بسیمہ میں بھی یوم استحصال کشمیر بھرپور قومی جذبے اور کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے ساتھ منایا گیا بسیمہ کے مختلف نجی و سرکاری سکولوں میں تقریبات کا انعقاد کیا گیا جن میں طلباء و طالبات سمیت اساتذہ کرام نے کثیر تعداد میں شرکت کی جبکہ بازار میں نکالی جانے والی ریلی اسسٹنٹ کمشنر بسیمہ عبدالستار مینگل، ڈی ایس پی عبدالمالک اور ایس (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

ملک کے موجودہ صوبے محض انتظامی ڈھانچے نہیں' نیشنل پارٹی

تاریخی، قومی، ثقافتی اور جغرافیائی شناخت رکھنے والی قومی اکائیاں ہیں، مرکزی ترجمان

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے نئے صوبوں کے قیام سے متعلق جاری بحث کے ردعمل میں کہا ہے کہ ملک کے موجودہ صوبے محض انتظامی ڈھانچے نہیں بلکہ تاریخی، قومی، ثقافتی اور جغرافیائی شناخت رکھنے والی قومی اکائیاں ہیں۔ ماضی میں (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ' لینڈ ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن سے متعلق اہم اجلاس

نظام کو مزید مؤثر، شفاف اور تیز بنانے کے حوالے سے پیش رفت کا جائزہ لیا گیا

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) کوئٹہ حافظ محمد طارق کی صدارت میں لینڈ ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں تحصیلدار سٹی، تحصیلدار صدر، ڈیجیٹلائزیشن سسٹم آفیسران، جی آئی ایس (GIS) کے نمائندوں اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈیجیٹلائزیشن سسٹم میں لائیو ہونے والے مختلف موضوعات، بالخصوص میوٹیشن کے عمل پر تفصیلی غور کیا گیا۔ تمام تحصیلداروں اور متعلقہ افسران نے اپنی رپورٹس پیش کیں اور نظام کو مزید مؤثر، شفاف اور تیز بنانے کے حوالے سے پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔

کوئٹہ: گورنر بلوچستان سے لوک گلوکار گلزار حسین لاشاری کی ملاقات

لوچستان کے لوک گلوکاروں اور فنکاروں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے بھرپور کوششیں کی جائیں گی' جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (جھل مگسی منیر احمد رڈ) گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل سے کوئٹہ کے معروف مقامی لوک گلوکار گلزار حسین لاشاری نے ملاقات کی، جس میں بلوچستان کے مقامی لوک گلوکاروں کو درپیش مسائل اور ان کے حل کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں کاروانِ لاشار پاکستان کے مرکزی چیئرمین میر عباس لاشاری اور عبداللہ لاشاری بھی موجود (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ: گورنر بلوچستان شیخ جعفر مندوخیل سے لوک گلوکار گلزار حسین لاشاری کی ملاقات کر رہے ہیں

چمن کے ساتھ انتظامی ناانصافی کب ختم ہوگی؟

چمن کی انتظامی حیثیت اور عوامی شناخت سے متعلق ایک اہم مسئلہ ہے

چمن (نامہ نگار) بلوچستان کا دوسرا بڑا تجارتی شہر چمن گزشتہ چھ برس سے باقاعدہ ایک الگ ضلع ہے مگر افسوس کہ چمن میں قائم ڈرائیونگ لائسنس آفس آج بھی سرکاری ریکارڈ میں ضلع قلعہ عبداللہ کے تحت ظاہر کیا جا رہا ہے۔ یہ صرف ایک تکنیکی غلطی نہیں بلکہ ضلع چمن کی انتظامی حیثیت اور عوامی شناخت سے متعلق ایک اہم مسئلہ ہے۔ حکومت بلوچستان اور ٹریفک پولیس کے متعلقہ حکام سے پرزور مطالبہ ہے کہ اس غلطی کو فوری طور پر درست کرتے ہوئے چمن (بقیہ 68 صفحہ 3 پر)

پیٹرولی